روحانی وجسمانی امراض، نفسیاتی، ذہنی، کاروباری الغرض تمام الجھنوں اور پریشانیوں کا حل صرف خزینہ روحانیات

JULY 2023

جلد نمبر 14 شمارہ نمبر 3

قیمت: 100 روپے

- دشمن کی طرف سے موکل بھیجنا
- ادائے قرض کے روحانی اعمال
- چور معلوم کرنے کے عملیات
- مفرور کی واپسی کے مجرب عمل
- حل المشکلات کے اعمال

اوج شمس

رزق میں اضافے کے چار مجرب وظائف

روحانی تشخیص کا خاص عمل

darulamal.org/magazines/ruhani khazinaeruhaniyat khazinaruhanyat

روحانی درسگاہ کی طرف سے درج ذیل اعمال پر

20% خصوصی رعایت برائے جولائی 2023

نورانی اعمال

ہدیہ: 9,100

سورۃ فلق کے خاص الخاص عمل کے عامل بنیں

دار العمل چشتیہ کے جناتی اور روحانی سلسلہ کے بزرگ جنات کی زیر سرپرستی سورۃ الفلق کے خاص الخاص عمل کی خاص اور اہم ریاضت و چلہ کشی جس کی تکمیل پر عامل کو ایک طاقتور اور تربیت یافتہ جنات کی جماعت حاصل ہو گی اور اسے امیر جماعت کا نام بھی بتایا جائے گا۔

نورانی اعمال

ہدیہ: 9,100

سورۃ ناس کے خاص الخاص عمل کے عامل بنیں

دار العمل چشتیہ کے جناتی اور روحانی سلسلہ کے بزرگ جنات کی زیر سرپرستی سورۃ الناس کے خاص الخاص عمل کی خاص اور اہم ریاضت و چلہ کشی جس کی تکمیل پر عامل کو ایک طاقتور اور تربیت یافتہ جنات کی جماعت حاصل ہو گی اور اسے امیر جماعت کا نام بھی بتایا جائے گا۔

خاص خاص اعمال

ہدیہ: 30,000

کڑاہی والا عمل

بڑے سے بڑے اور سخت سے سخت جادو اور جنات سے نجات کا عمل۔ اس عمل میں گروہ در گروہ جنات اور شیاطین کڑاہی میں جلتے ہیں۔ یہ عمل عام مریضوں کے لیے نہیں کیا جاتا۔ یہ عمل بڑی جگہوں کے لیے بھی کیا جاتا ہے۔

حب کا خاص عمل جس کے پیچھے غیبی مخلوق ہے۔ مردوں پر عمل کرنے کے لیے مفید ہے۔

بڑے سے بڑے جادو اور خطرناک جنات و شیاطین کے خلاف ایک مضبوط ہتھیار ہے۔

حب کا خاص عمل جس کے پیچھے غیبی مخلوق ہے۔ عورتوں پر عمل کرنے کے لیے مفید ہے۔

بڑے جنات، شیاطین و جادوگروں کے خلاف روحانی ہتھیار۔ ایک مضبوط علاج اور مضبوط دفاع بھی۔

روحانی ترقی، ہر کام میں آسانی اور ہر دنیاوی مقصد کے حصول کا عمل۔

جنات کے خلاف علاج اور حصار میں بہت مضبوط عمل ہے۔ اس سے آگے اور کوئی عمل نہیں ہے۔

روحانی درسگاہ دار العمل چشتیہ لاہور پاکستان
0333-7772775 0309-7772775 042-35420586
ruhanidarsgah ruhanidarsgah97 ruhanidarsgah
darulamal.org/ruhanidarsgah ruhanidarsgah@gmail.com

ادارہ دار العمل چشتیہ کا آفیشل فیس بک https://bit.ly/3DZfi05

ماہنامہ خزینہ روحانیات
2
جولائی 2023ء
اسلامی تصوف، روحانی، عملیاتی، طبی، نفسیاتی، معاشرتی مضامین کا حامل مقبول ترین میگزین
برصغیر پاک و ہند میں شائع ہونے والا واحد رسالہ جو ہر سال "دو خاص نمبر" شائع کرتا ہے
ذی الحج، محرم الحرام ۱۴۴۴ھ
جولائی 2023ء
جلد نمبر 14
شمارہ نمبر 3
ماہنامہ خزینہ روحانیات لاہور
مدیر اعلیٰ
خالد مقبول عارف
مدیر
مولانا حافظ علی آفاق
معاون مدیر
حکیم سلیم اللہ ظفر
قیمت 100 روپے
مجلس مشاورت
غلام سرور شباب صاحب (ہویلی لکھا)
قیصر احمد صاحب (کراچی)
مولانا قاری ابوبکر صاحب (اسلام آباد)
ابوانس صاحب (لاہور)
مولانا قاری ممتاز صاحب (لاہور)
محمد علیم صاحب (لاہور)
مشیر قانونی
چوہدری فیصل منظور (ایڈوکیٹ ہائی کورٹ)
ادارہ کا کسی مضمون نگار سے متفق ہونا ضروری نہیں
بروز جمعۃ المبارک ادارہ بند رہے گا
سالانہ ممبرشپ بذریعہ پاکستان پوسٹ
عام ڈاک: 1000 روپے
رجسٹرڈ ڈاک: 1400 روپے
نوٹ ہر ماہ کی 27/28/29 تاریخ کو رسالہ ارسال کیا جاتا ہے۔
سالانہ ممبرشپ بذریعہ کوریئر TCS
لاہور کیلئے: 1730 روپے
لاہور کے قریبی اضلاع کیلئے: 2220 روپے
لاہور سے دور کے اضلاع کیلئے: 3000 روپے
سالانہ ممبرشپ بذریعہ ای میل/واٹس ایپ
ای میل: 700 روپے
واٹس ایپ: 700 روپے
نوٹ ہر ماہ کی پہلی/دوسری تاریخ کو رسالہ Whatsapp/Email کیا جاتا ہے۔
برائے ماہنامہ خزینہ روحانیات، سرکولیشن، اشتہارات اور دیگر تمام معاملات
0322-4773786, 042-35410586
darulamal.org/magazines/ruhani
khazinaeruhaniyaat@gmail.com
khazinaeruhaniyat
khazinaruhanyat
دار العمل چشتیہ لاہور پاکستان
darulamal.org
info@darulamal.org
darulamalchisht
darulamalchishtia
0322-7772772
0343-7772772
0312-7772772
0306-7772772(ufone)
پتہ 586 کامران بلاک، علامہ اقبال ٹاؤن، لاہور۔
فون 042-35410586
روحانی درسگاہ 0333-7772775 0309-7772775
مکتبۃ العارف 0332-4487877 0323-4487877
مطب العارف 0320-5410586 042-35410586
روحانی علاج گاہ 0324-7772772 0342-7772772
ایم این بک سٹور 0309-7772770 0316-7779370
الٹرنیٹو میڈیسن سٹور 0309-7772778 0349-7772778
روحانی دکان 0334-4312272 0320-4312272
عارفی پرفیومز 0309-7772776 0346-7772776
فلاحی مرکز 0312-7772772 042-35410586
خالد مقبول پبلشر نے مساوات محمدی پرنٹرز (لاہور) سے چھپوا کر دار العمل چشتیہ 586 کامران بلاک، علامہ اقبال ٹاؤن، لاہور سے شائع کیا
ادارہ دار العمل چشتیہ کی ویب سائٹ (تمام شعبہ جات)
http://darulamal.org/

فہرست مضامین

جولائی 2023ء

ذی الحج، محرم الحرام ۱۴۴۴ھ

اہم اعلان

تمام قارئین، شاگرد و ممبران، احباب، لکھاریوں، قلم کاروں، اساتذہ و عاملین سے درخواست ہے کہ ماہنامہ خزینۂ روحانیات میں اپنے قیمتی مضامین، مجربات، اعمال، سینے کے راز، آزمودہ وظائف وعملیات، مجرب تعویذات ونقوش، اہم انکشافات، انمول وظائف، تیر بہدف کلمات اور انوکھے بھید، ادارے کو جلد از جلد ارسال فرمائیں۔ مضمون ہر ماہ کی 25 تاریخ تک بھیج سکتے ہیں۔ یہ مضامین آپ کے نام سے شائع کیے جائیں گے اور آپ کیلئے صدقہ جاریہ ہوں گے۔ ادارہ آپ تمام حضرات سے دعاؤں کی درخواست کرتا ہے کہ اللہ تعالیٰ ہمیں اس رسالے کو بہترین انداز میں شائع کرنے کی توفیق دے۔ آمین

مضامین بھیجنے کے لیے

خط بھیجنے کا پتہ: پوسٹ بکس نمبر 9119 لاہور۔ پوسٹ کوڈ 54570

کورئیر، رجسٹرڈ ڈاک: 586 کامران بلاک، علامہ اقبال ٹاؤن، لاہور۔

ای میل: khazinaeruhaniyaat@gmail.com

واٹس ایپ: 0322-4773786

حمد باری تعالیٰ

سزا دینے والا جزا دینے والا
وہ سارے دکھوں کی دوا دینے والا
کوئی صدقِ دل سے معافی تو مانگے
وہ رحمت کا دریا بہا دینے والا
وہ سارے دکھوں کی دوا دینے والا
نہیں اس کا ثانی زمانے میں کوئی
وہ یکتا ہے سب کو جلا دینے والا
وہ سارے دکھوں کی دوا دینے والا
وہ چاہے تو گلشن کو ویران کر دے
وہ صحرا کو گلشن بنا دینے والا
وہ سارے دکھوں کی دوا دینے والا
ابوجہل کے ہاتھ میں تھے جو کنکر
وہ ان کو بھی کلمہ پڑھا دینے والا
وہ سارے دکھوں کی دوا دینے والا
جو فرعون کر دے خدائی کے دعوے
وہ ایسوں کی ہستی مٹا دینے والا
وہ سارے دکھوں کی دوا دینے والا
ابوبکرؓ ، فاروقؓ کی تھی جو خواہش
وہ پہلو میں ان کو سُلا دینے والا
وہ سارے دکھوں کی دوا دینے والا
سوچے تو کوئی قبر پہ یہ جا کر
وہ مٹی میں ہیرے ملا دینے والا
وہ سارے دکھوں کی دوا دینے والا
وہی تو ہے مدح سرائی میں آصفؔ
تیرے قلم کو چلا دینے والا
سزا دینے والا جزا دینے والا
وہ سارے دکھوں کی دوا دینے والا

نعت رسول مقبول صلی اللہ علیہ والہ وسلم

منارِ رشد و ہدایت ، سحابِ رحمت وجود
مرے رسول ﷺ کا اسوہ ، مرے نبی ﷺ کا وجود
طلوعِ مہرِ رسالت و داغِ ظلمتِ شب
مرے رسول ﷺ کی بعثت سے صبحِ نو کی نمود
مرے حضور ﷺ کے در پر لگی ہے سب کی نگاہ
مرے نبی ﷺ سے ہے وابستہ خلق کی بہبود
نبی ﷺ کے دم سے روانی ہے نبضِ دوراں میں
نبی ﷺ کے عزم سے ہے پاش پاش سحرِ جمود
نبی ﷺ نے ضربتِ خُلقِ عظیم سے توڑے
کدورتوں کے طلسمات ، رنگتوں کے قیود
خدائے پاک کے ممدوح اور مدح سرا
مرے نبی ﷺ ہیں بیک وقت حامد و محمود
مرے نبیؐ کی ضرورت ہے ہر جگہ ، ہر دم
ہو عرصہ گاہِ قیامت ، عدم ہو یا موجود
مرے نبیؐ کی ریاست میں ہیں سبھی تائبؔ
یہ بحر و بر ، یہ خلا و ملا ، یہ چرخِ کبود

....................*..........*

شوق و نیاز و عجز کے سانچے میں ڈھل کے آ
یہ کوچۂ حبیبؐ ہے ، پلکوں سے چل کے آ
امّت کے اولیاء بھی ادب سے ہیں دم بخود
یہ بارگاہِ سرورِ دیںؐ ہے سنبھل کے آ
آتا ہے تُو جو شہرِ رسالت مآبؐ میں
حرص و ہوا کے دام سے باہر نکل کے آ
ماہِ عرب کے آگے تیری بات کیا بنے
اے ماہتاب روپ نہ ہر شب بدل کے آ
سوز و تپش سخن میں اگر چاہتا ہے تُو
عشقِ نبی ﷺ کی آگ سے تائبؔ پگھل کے آ

مولانا علی آفاق

مدیر ماہنامہ خزینہ روحانیات

مقصدِ قربانی اور روحانی حصار و حفاظت کی اہمیت

السلام علیکم قارئین! آج ماہ جولائی 2023ء کا میگزین آپ کے ہاتھوں میں موجود ہے۔ عید کے بعد اور عید الاضحیٰ کی قربانی کے بعد جو چھری ہم نے جانور کے گلے پر چلائی ہے اور آپ گوشت کو غریبوں، مستحقین، محتاج، افلاس کے مارے ہوئے طبقے میں منصفانہ تقسیم کے بعد دل میں فرحت، کشادگی، سکون، راحت محسوس کر رہے ہوں گے۔ یہ بڑی عید حضرت ابراہیم علیہ السلام کی سنت ہمیں حقیقی اسلام اور انسانیت سے روشناس کروانے کے لئے ہر سال ذی الحج کے موقع پر آتی ہے اور ہمیں یاد دلاتی ہے کہ ہم مسلمان ہیں، ہمارا جینا، مرنا، کھانا، کمانا، عبادات اور خدمت سب ایک وحدہٗ لاشریک کے حکم، امر اور خوشنودی کے تابع ہیں۔

حضرت ابراہیم علیہ السلام کی سیرت، سنت، ساری زندگی محنت، تگ و دو، اللہ تعالیٰ کی خوشنودی کو مدنظر رکھنا، خدا وحدہٗ لاشریک کی پہچان و معرفت کے قصے سے لے کر بتوں کو توڑ کر اس کی نجاست کے اثرات سے براءت کے اعلان سے ہوتے ہوئے آتش نمرود میں کود جانے تک کے سفر میں سب کچھ ایک ذات خداوندی پر نچھاور کرنے کا انداز بتاتا ہے کہ آپ اولوالعزم نبی ہی نہیں بلکہ ساری زندگی اپنی جان، مال، جذبات اور بیوی بچوں کو دور دیار غیر میں، چٹیل میدان میں بے آب گیاہ ریگزار میں چھوڑنا ثابت کرتا ہے کہ جب اللہ تعالیٰ پالنے پر آئے تو اسباب کوئی معنی نہیں رکھتے، جب اللہ تعالیٰ بچانے پر آجائے تو آگ کوئی معنی نہیں رکھتی، جب اللہ تعالیٰ ہدایت کا فیصلہ فرمالے تو بت فروش کی اولاد ہونا کوئی معنی نہیں رکھتا، جب اللہ تعالیٰ زندگی کا فیصلہ فرمالے تو موت کے تمام اسباب اور ہلاکت خیزیاں، ناکامی، نامرادی میں زندگی، حیات، کامیابی، عزت کے راستے نکلنے میں اور کائنات اُس کے راستے میں رکاوٹ بننے سے قاصر رہتی ہے۔

بہر حال یہ بات تو ایمانیات سے تعلق رکھتی ہے کہ ابراہیم علیہ السلام ہی کی قربانی ہمیں سبق دے رہی ہے کہ اب ہمیں خواہشات، آسائش، راحت، برادری، نفسانی جذبات پر بھی چھری پھیرنی ہے ورنہ گوشت حاصل ہوگا جو کہ اللہ تعالیٰ کی نگاہ میں غیر موضوں ہے۔ لہٰذا قربانی ظاہراً بھی کریں کہ صاحب استطاعت لوگ جانور اللہ کی راہ میں قربان بھی کریں اور پھر گوشت کو تقسیم کرنے کا حوصلہ بھی اللہ تعالیٰ سے مانگیں ورنہ ایسی قربانی جو ہمارے فریج وغیرہ کی زینت تو بن جائے مگر غریبوں کے پیٹ کا ایندھن نہ بن سکے، انتہائی نقصان دہ ہونے کے ساتھ غریبوں کے حق پر ڈاکے کے مترادف ہے۔

اب چلتے ہیں اس قربانی کے بعد ہماری زندگی میں انقلاب کی طرف، اگر ہم مریض ہیں اور ایک عرصے سے مریض کی فہرست میں شمار ہے، کئی دہائیاں بیت گئیں مگر جادو، صحت، کاروبار، روزگار، ملازمت، میاں بیوی کی ناچاقی، بہن، بیٹیوں کی شادی کی گزرتی عمریں، ان کے کالے بالوں میں اترتی سفیدی، ماں باپ کی امید و آس کے ٹوٹنے کے بعد آنکھوں میں اترتی مایوسی، بہن، بیٹی کا گھر، طلاق کے ناپسندیدہ لفظ کے اطلاق کے بعد ماں باپ کے کندھوں کا بوجھ بنتی بیٹی چار (4) بچوں کے ساتھ اگر اس طرح یا اس کی طرح کے ملتے جلتے خاکوں کے ذریعے اذیت ناک زندگی گزار رہے ہیں تو پھر اب (NO MORE PAIN) کا فیصلہ کریں۔

ادارے سے چند درج ذیل امور کی اجازت، تربیت کے بعد دشمنوں کو شکست دینا سیکھیں۔ ان کے سروں میں مٹی اور خاک ڈالنا سیکھیں۔

01 علاج کروائیں کہ اس کے بغیر انسانی بساط میں شفاء ممکن نہیں۔

02 حصار و حفاظت حاصل کریں کہ علاج ادھورا اور حصار مکمل چلہ ہے، دائمی حل ہے نجات کی واحد بہترین شاہراہ ہے۔ حصار آپ کو آئندہ کے بھنور پریشانی سے بچانے کا ذریعہ ہے۔

03 ان مذکورہ بالا علامات کی روشنی میں ادارے کی جانب سے عطاء کردہ اعمال آپ کی زندگی میں آپ کے ہمیشہ کے ساتھی، ہمدم اور ہمدرد ہیں۔

04 اپنا استخارہ، تشخیص اور روحانی ڈائیگنوز بھی آپ کو سکھا دیا جائے۔ جس کے بعد لوگوں کی محتاجی اور بیساکھی سے ہمیشہ کے لئے نجات حاصل ہو۔

05 اہم بات یہ کہ آپ کا دشمن آپ کے خلاف زہر اگلے، الٹا لٹک کر کوشش کرے مگر ناکامی بھی نوشتۂ دیوار پڑھ کر سیاہ رو ہونا اُس کا مقدر قرار پائے۔

تو آیئے آگے بڑھیئے! دیر کس بات کی ہمارا ادارہ دار العمل چشتیہ لاہور پوری دنیا میں پہلا اور واحد ادارہ ہے جو علاج کے ممکن پیکیج کو آپ کے لئے بانٹ رہا ہے۔ معمولی محنت، معمولی ہدیہ اور ہمیشہ کے لئے بقیہ زندگی کی عافیت۔

رابطہ کریں اور بقیہ زندگی کو ہمیشہ کے لئے پُرسکون بنا دیں۔

حضرت سیدنا امام حسین رضی اللہ عنہ

مولانا سلیم اللہ ظفر (معاون مدیر خزینہ روحانیات)

حضرت سیدنا امام حسینؓ امیر المومنین حضرت سیدنا علی المرتضیٰ شیر خدا رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے صاحبزادے، سرکار دو عالم ﷺ اور ام المومنین حضرت سیدہ خدیجۃ الکبریٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے پیارے نواسے ہیں۔ آپؓ کا نام سرکار دو عالم ﷺ نے ہی "حسین" رکھا۔ آپؓ کو ریحانۃ النبی ﷺ اور سبط رسول اللہ ﷺ کے پیارے القابات سے یاد کیا جاتا تھا۔

آپؓ اپنے بڑے بھائی حضرت سیدنا حسن رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے عمر میں ایک سال چھوٹے ہیں۔ آپؓ کی پیدائش مبارک شعبان المعظم ۴ھ کو مدینہ منورہ میں ہوئی۔ آپؓ کے کانوں میں آذان وتکبیر سرکار دو عالم ﷺ نے خود دی۔ آپؓ کو سرکار دو عالم ﷺ نے اپنے لعاب دہن مبارک سے گھٹی دی۔ آپؓ کا عقیقہ سرکار دو عالم ﷺ نے فرمایا۔ آپؓ کا جسم اپنے نانا جی سرکار دو عالم ﷺ کے مشابہ تھا۔ آپؓ کی تربیت اپنے نانا جی سرکار دو عالم ﷺ کے سایہ پُرانوار میں ہوئی۔ آپؓ چشمہ نبوت سے بھرپور سیراب ہوئے۔ آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو خاتون جنت سیدہ فاطمۃ الزہرا رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی پاکیزہ گود، امیر المومنین سیدنا علی المرتضیٰ شیر خدا رضی اللہ تعالیٰ عنہ جیسے عظیم والد محترم کا سایہ عاطفت، اپنے پیارے نانا جی سرکار دو عالم ﷺ کی بھرپور صحبت، سردار الملائکہ حضرت سیدنا جبریل امین علیہ السلام کی ہم نشینی کی سعادت عظمیٰ حاصل ہے۔

آپؓ کی عمر اپنے والد محترم امیر المومنین حضرت علی المرتضیٰؓ کے خلیفۃ المسلمین بننے کے وقت 31 سال تھی۔ آپؓ عنہ کو اپنے بڑے بھائی حضرت سیدنا امام حسن رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے ساتھ بہت زیادہ محبت اور پیار تھا۔ آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اپنے بڑے بھائی حضرت سیدنا امام حسنؓ کے ساتھ مل کر اکٹھے کئی حج فرمائے۔ آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے 4 شادیاں فرمائیں۔ آپؓ کی بیویوں کے نام (۱) سیدہ لیلیٰ بنت ابی مرہؓ (آمنہ)۔ (۲) سیدہ ام ولدؓ۔ (۳) سیدہ ربابؓ۔ (۴) سیدہ ام اسحاق بنت طلحہؓ ہیں۔ آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے 4 صاحبزادے ہیں۔ (۱) سیدنا علی اکبرؓ۔ (۲) سیدنا علی اصغرؓ۔ (۳) سیدنا جعفرؓ۔ (۴) سیدنا عبداللہؓ۔ آپؓ کی 2 بیٹیاں جن کے نام نامی (۱) سیدہ سکینہؓ۔ (۲) سیدہ فاطمۃؓ ہیں۔ آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے سرکار دو عالم ﷺ بہت پیار محبت فرمایا کرتے تھے۔ آپؓ کے متعلق ارشاد نبوی ﷺ ہے کہ جو میرے بیٹے حسین سے محبت کرتا ہے۔ میں محمد ﷺ اس سے محبت کرتا ہوں۔ آپؓ کے بارے میں سرکار دو عالم ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ جس شخص نے میرے بیٹے حسین سے بغض رکھا تو اس نے میرے بیٹے حسینؓ سے نہیں بلکہ میں محمد ﷺ سے بغض رکھا۔ آپؓ کے بارے میں آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ جو میرے بیٹے حسینؓ سے محبت کرتا ہے تو وہ سُن لے کہ میں اس سے محبت کرتا ہوں اور جس شخص سے میں محمد ﷺ محبت کرتا ہوں تو اس سے اللہ پاک محبت فرماتے ہیں اور جس سے اللہ پاک محبت فرماتے ہیں اس کو اللہ پاک جنت میں داخل فرمائیں گے، گویا کہ حضرت سیدنا امام حسینؓ سے محبت اللہ اور اس کے پیارے رسول اللہ ﷺ سے محبت ہے۔ اور حضرت سیدنا حسینؓ سے محبت جنت ملنے کا ذریعہ بنے گی۔ اس لیے پھر میں کہوں نہ کیوں کہ محبت حسینؓ جنت کا سرٹیفکیٹ ہے۔ محبت حسینؓ جنت کا ٹکٹ ہے۔ محبت حسینؓ کا ہونا رسول اللہ ﷺ سے محبت ہونے کی علامت ہے اور محبت حسینؓ کے دعویدار، محبت حسینؓ کے علمبردار، محبت حسینؓ سے سرشار، محبت حسینؓ میں گرفتار حقیقت میں حب دار خدا ہیں۔ آپؓ کے بارے میں سرکار دو عالم ﷺ کا ارشاد گرامی ہے کہ میرے بیٹے حسینؓ سے جو بغض یا دشمنی رکھتا ہے تو وہ سن لے میں محمد ﷺ اس سے بغض اور دشمنی رکھتا ہوں اور جس سے میں محمد ﷺ بغض رکھتا ہوں تو اس سے اللہ پاک دشمنی رکھتے ہیں اور جس شخص سے اللہ پاک دشمنی رکھتے ہیں اس کو اللہ پاک جہنم میں داخل فرمائیں گے۔ اس لیے تو میں کہتا ہوں کہ سیدنا امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے ساتھ دشمنی جہنم کا سرٹیفکیٹ ہے۔ سیدنا امام حسینؓ کے ساتھ عداوت جہنم کا ٹوکن ہے۔ سیدنا امام حسینؓ کا بغض جہنمیوں کی نشانی ہے۔ سیدنا امام حسینؓ کی شان میں بے ادبی، بکواسات اور حقارت آمیز اور تحقیرانہ باتیں جہنمی لوگ ہی کر سکتے ہیں۔ (اللہ پاک ہم سب کو امام عالی مقام رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی سچی محبت نصیب فرمائے)۔ آپؓ کے متعلق حضور پاک ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ یا اللہ میں حسینؓ سے محبت کرتا ہوں، یا اللہ آپ بھی میرے بیٹے حسینؓ سے محبت فرمائیں اور جو جو بھی میرے بیٹے حسینؓ سے محبت کرے یا اللہ آپ اس سے بھی محبت فرمائیں۔ آپؓ سے محبت رکھنے والو! اللہ کی قسم اللہ پاک آپ سے محبت فرماتے ہیں۔ آپؓ کے بارے میں سرکار دو عالم ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ میرا

بقیہ ص 19

سلسلۂ نقشبندیہ

حضرت مولانا محمد عاصم اعظمی رحمہ اللہ

اس سلسلہ کے بانی حضرت بہاء الدین نقشبند علیہ الرحمۃ والرضوان ہیں۔اس سلسلہ کی نسبت حضرت سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے ہے۔یہ سلسلہ طریقت مختلف ناموں سے موسوم رہا۔

حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ سے حضرت شیخ بایزید بسطامی علیہ الرحمۃ تک یہ سلسلہ ''**صدیقیہ**'' کہلایا۔حضرت بایزید بسطامی رحمۃ اللہ علیہ سے حضرت خواجہ عبدالخالق غجدوانی رحمۃ اللہ علیہ تک ''**طیفوریہ**'' کہلایا۔خواجہ عبدالخالق غجدوانی رحمۃ اللہ علیہ سے خواجہ بہاء الدین نقشبند رحمۃ اللہ علیہ تک ''**خواجگانیہ**'' کہلایا اور حضرت خواجہ نقشبند رحمۃ اللہ علیہ سے شیخ احمد سرہندی (مجدد الف ثانی رحمۃ اللہ علیہ) تک ''**نقشبندیہ**'' کے نام سے موسوم رہا اور ہندوستان میں حضرت مجدد الف ثانی رحمۃ اللہ علیہ سے منسوب ہو کر ''**مجددیہ**'' کہلایا۔

اس سلسلہ میں شریعت کی پابندی اور اتباعِ سنت پر کافی زور دیا گیا ہے۔ظاہری اور باطنی ہر لحاظ سے شریعت کی پابندی ناگزیر ہے۔تقویٰ کے ساتھ احتیاط کا زیادہ خیال رکھا گیا ہے۔حضراتِ نقشبندیہ عزیمت پر عمل کو حتی المقدور ہاتھ سے نہیں جانے دیتے اور رخصت پر عمل تجویز نہیں کرتے۔احوال و مواجید کو احکامِ شریعیہ کے تابع رکھتے ہیں۔اوذاق و معارف کو علومِ دینیہ کے خادم سمجھتے ہیں۔

حضرت خواجہ بہاء الدین رحمۃ اللہ علیہ کو سلوک پر جذبہ کی تقدیم کا الہام ہوا تھا۔مشائخ نقشبندیہ اسی پر عامل ہیں۔جب کہ دوسرے بعض صوفیاء سلوک کو جذبہ پر مقدم کرتے ہیں۔اس راہ کا پہلا قدم جذبہ ہے جو وصول کی دہلیز ہے۔

داخلِ سلسلہ ہونے سے پہلے طالب کو ریاضت و مجاہدہ کی منزلوں سے گزرنا پڑتا ہے۔منزل اذکار و اشغال کے ذریعہ طے کروائی جاتی ہے۔پھر طالبِ راہ اس قابل ہو جاتا ہے کہ حلقۂ ارادت میں داخل ہو کر سلوک و معرفت کے مدارج طے کرنے لگے۔اسی لئے ان کی تعلیم کا مسلک ''نظر بر قدم''، ''خلوت در انجمن''، ''سفر در وطن'' ہے۔

وصول الی اللہ کے لئے ذکر و مراقبہ اور عظمتِ شیخ ضروری ہے۔

''ذکر'' نفی اور اثبات یعنی لا الہ (نفی) الا اللہ (اثبات) کا ذکر ہے۔یہ ذکر اس سلسلہ کے متقدمین سے مروی ہے۔اس ذکر کے لئے طالب ایسے وقت کا انتخاب کرے کہ خارجی مشاغل اور پریشانیوں سے خالی ہو اور داخلی تشویش یعنی حد سے زیادہ اذیت اور غصہ سے پاک ہو۔مجلسِ ذکر میں طالب موت کو یاد کرے اور ایسے تصور کرے کہ موت اس کے سرہانے موجود ہے۔پھر اپنے گناہوں سے مغفرت چاہے۔ہونٹ اور آنکھیں بند کرے سانس اپنے پیٹ میں روکے، دل میں 'لا' کہے اور اسے اپنی ناف سے دائیں کو کھینچے۔پھر وہ اپنے شانوں کو ہلائے اور انہیں اپنے سر کی طرف جھکا دے اور کہے 'الٰہ' پھر اپنے دل میں 'الا اللہ' کی پختہ ضرب لگائے۔

مشائخ نقشبندیہ کا کہنا ہے کہ حبس دم میں بڑی عجیب خاصیت ہے۔اس سے باطن مین گرمی، عزم میں یکسوئی اور عشق و محبت میں برانگیختگی پیدا ہوتی ہے اور طالب وسوسوں (پراگندہ خیالات) سے نجات پا جاتا ہے۔اس ذکر کی سب سے بڑی شرط یہ ہے کہ جب طالب 'لا الٰہ' کہے تو اللہ کے سوا ہر معبود، ہر مقصود، ہر وجود کی نفی کرے اور جب 'الا اللہ' کہے تو پورے کامل اور رسوخ اطمینان قلب سے صرف اللہ تعالیٰ کی ذات میں معبودیت، مقصودیت اور وجودیت کا اثبات (اقرار، طلب) کرے۔

سلسلۂ نقشبندیہ میں تزکیہ قلب و تصفیہ باطن کے 11 اصول مقرر کیے گئے ہیں، جن پر چل کر سالک قربِ الٰہی کی نعمت سے شرف یاب ہوتا ہے۔

یہ اصول دراصل حضرت خواجہ نقشبند رحمۃ اللہ علیہ کے کلمات ہیں۔

ان میں سے آٹھ (8) کلمات قدسیہ اور تین (3) کلمات مصلحات نقشبندیہ میں سے ہیں۔انہی گیارہ (11) کلمات پہ طریقۂ نقشبندیہ کی بنیاد ہے۔

1۔وقوفِ عددی (مراد ذکر میں سانس کو طاق عدد پہ چھوڑنا)۔(بقیہ ص 54)

بیماریوں پر اللہ جل شانہٗ کے انعامات

رسول ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''بیماروں کی عیادت کیا کرو۔ اور ان سے اپنے لیے دُعا کی درخواست کیا کرو۔ کیونکہ مریض کی دُعا مقبول ہے اور اس کا گناہ معاف ہے۔''

بیمار کی دُعا فرشتوں کی دُعا کی طرح ہے۔ بیمار کی دُعا رد نہیں کی جاتی۔ حتیٰ کہ وہ تندرست ہو جائے۔

بخار کو بُرا مت کہو

رسول اللہ ﷺ اُم سائب رضی اللہ عنہا کے ہاں تشریف لے گئے۔ آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا:

ارے بھئی کیا بات ہے۔ کپکپا رہی ہو؟ وہ عرض کرنے لگی کہ بخار ہے۔ اللہ اس میں برکت نہ دے۔

نبی کریم علیہ السلام نے ارشاد فرمایا کہ ''بخار کو بُرا مت کہو کیونکہ یہ بنی آدم کی خطاؤں کو اس طرح دُور کرتا ہے جس طرح بھٹی لوہے کے میل دور کرتی ہے۔''

رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''اللہ رب العزت ایک رات کے بخار سے مومن کی تمام خطاؤں کو معاف فرما دیتے ہیں۔''

رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''بخار سے واقع ہونے والی موت شہادت ہے۔''

مرگی سے مرنے والے پر انعامات

رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''جو بندہ بھی مرگی کے مرض کی وجہ سے فوت ہو جائے تو اللہ اس بندے کو اس مرض کی وجہ سے (گناہوں سے) پاک کر کے اُٹھائیں گے۔''

(بشکریہ محاسن اسلام)

بہتان کے متعلق احادیث

مرسلہ مولانا عبدالرحمٰن مدظلہٗ (قطر)

۱...... جو کسی مسلمان کو ذلیل کرنے کی غرض سے اس پر الزام عائد کرے تو اللہ تعالیٰ اسے جہنم کے پُل پر اس وقت تک روکے گا جب تک وہ اپنی کہی ہوئی بات (کے گناہ) سے (اس شخص کو راضی کر کے یا اپنے گناہ کی مقدار عذاب پا کر) نہ نکل جائے۔

۲...... جس نے کسی شخص کے بارے میں کوئی ایسی بات ذکر کی جو اس میں نہیں تھی تا کہ اس کے ذریعے اس کو عیب زدہ کرے تو اللہ تعالیٰ اسے جہنم میں قید کر دے گا، یہاں تک کہ وہ اس کے بارے میں اپنی کہی ہوئی بات ثابت کرے (اس سے مراد یہ ہے کہ طویل عرصے تک وہ عذاب میں مبتلا رہے گا)۔

۳...... جہاں کسی مرد کی بے حرمتی اور بے عزتی کی جاتی ہو ایسی جگہ جس نے اس کی مدد نہ کی (یعنی خاموش رہا اور سنتا رہا اور منع نہ کیا) تو اللہ تعالیٰ وہاں اس کی مدد نہیں کرے گا جہاں اسے پسند ہو کہ اس کی مدد کی جائے اور جو شخص ایسے موقع پر کسی مسلمان مرد کی مدد کرے گا جہاں اس کی بے حرمتی اور بے عزتی کی جا رہی ہو تو اللہ تعالیٰ ایسے موقع پر اس کی مدد فرمائے گا جہاں اسے محبوب ہو کہ مدد کی جائے۔

۴...... جو کسی مسلمان کی برائی بیان کرے جو اس میں نہیں پائی جاتی تو اس کو اللہ پاک اس وقت تک دوزخیوں کے کیچڑ، پیپ اور خون میں رکھے گا جب تک کہ وہ اپنی کہی ہوئی بات سے نہ نکل آئے۔

(ابوداود، 3/427، حدیث: 3597)

مسکین کی امداد کا صلہ

قیصر احمد بی اے (کراچی)

بیان کرتے ہیں کہ کوئی فقیر عاشورہ محرم میں ایک قاضی کے پاس آیا اور اس کو دعا دے کر عرض کیا میں صاحبِ عیال ہوں، عاشورہ کے دن آپ کے پاس اپنی ضرورت لے کر آیا ہوں۔ آپ کچھ میری مدد فرما دیجیے تاکہ آج میرے بچوں کا پیٹ بھر جائے۔ اللہ آپ کو اس کی جزا عطا فرمائے گا۔ قاضی صاحب نے فقیر کی درخواست سن کر ظہر تک کا وعدہ کیا۔ جب وہ ظہر کے وقت آیا تو عصر تک اور عصر کے بعد مغرب تک کا وعدہ کیا۔ اسی طرح جب تمام دن اُس کا پریشانی میں گزر گیا اور اُدھر بھوک سے اس کے بچوں کا کلیجہ منہ کو آ رہا تھا، ایسے وقت قاضی نے اس کو جواب دیا کہ افسوس میرے پاس کوئی ایسی چیز نہیں ہے جو تجھے دے سکوں۔ قاضی صاحب کا یہ جواب سن کر وہ شکستہ دل فقیر روتا ہوا واپس ہوا کہ اب میں اپنے بچوں کو کیا جواب دوں گا؟ اسی حالت میں وہ فقیر ایک نصرانی کے دروازہ سے گزرا۔ نصرانی نے اس کو روتا اور بلکتا دیکھ کر ازراہِ ہمدردی دریافت کیا آخر تیرا کیا حال ہے اور کیوں رو رہا ہے؟ فقیر نے کہا میرا حال نہ پوچھیے تو نصرانی نے اس کو اللہ کی قسم دلا کر کہا مجھے اپنا حال بتادے۔ چنانچہ جب اس فقیر نے اپنی سرگزشت سنائی تو نصرانی نے فقیر سے یوم عاشورہ کی فضیلت معلوم کی جس کو سن کر نصرانی کا دل بھر آیا اور اس نے فقیر کو اُس کی طلب سے کہیں زیادہ اور بیس (20) درہم دے کر کہا ہر مہینے تیرے بچوں کا یہ وظیفہ میرے ذمہ لازم ہے۔ چنانچہ وہ فقیر خوشی خوشی جب کھانے کا سامان لے کر گھر پہنچا تو بچوں نے بھی خوش ہو کر دعا کی کہ ہمارے معبود! جس نے ہماری مدد کی، ہمیں خوش کیا ہے، تو اس کو جلد سے جلد اپنی مرضیات سے نواز دے۔ اس کے بعد جب رات کو قاضی صاحب نے خواب میں دیکھا کہ کوئی شخص اس سے کہہ رہا ہے اپنا سر اُٹھا۔ قاضی صاحب نے سر اُٹھایا تو کیا دیکھتا ہے کہ دو محل ہیں جن میں ایک اینٹ سونے کی، ایک چاندی کی لگا کر تعمیر کئے ہیں۔ جن کو دیکھ کر قاضی صاحب نے حیرت سے دریافت کیا یا اللہ! آخر یہ محل کس لئے بنائے گئے ہیں۔ تو جواب ملا یقیناً یہ دونوں محل تیرے لئے تھے اگر تو نے فقیر کی حاجت پوری کر دی ہوتی۔ مگر جب تو نے اس کو ناکام واپس کر دیا تو اب یہ دونوں محل اس نصرانی کے ہو چکے ہیں جس نے اس کی مدد کی ہے۔ یہ دیکھ کر قاضی حسرت و افسوس کرتا ہوا خواب سے بیدار ہوا اور اس نے نصرانی کے پاس جا کر معلوم کیا کہ تو نے شب گزشتہ کیا نیکی کی ہے؟ نصرانی نے معلوم کیا آخر آپ یہ سوال کیوں کرتے ہیں؟ قاضی نے اپنا خواب بیان کیا اور نصرانی سے کہا کل جو نیکی تم نے اس فقیر کے ساتھ کی ہے، اس کو ایک (1000) ہزار درہم لے کر مجھے فروخت کر دو۔ یہ سن کر نصرانی کہنے لگا کہ میں تو زمین بھر سونے کے عوض بھی اس کو فروخت نہیں کر سکتا۔ لیکن ہاں میں تم کو اس پر گواہ بناتا ہوں کہ میں اس بات کی گواہی دیتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی معبود نہیں ہے اور حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم اس کے نیک بندے اور رسول ہیں۔ پس اسی کلمہ شہادت پر اس کی موت واقع ہوئی۔ اللہ تعالیٰ اس کی مغفرت فرمائے۔

(قلیوبی)

فائدہ: اخلاص کے ساتھ اللہ کی رضا مندی کیلئے اس کے ضرورت مند بندے کی امداد کا یہ صلہ اس کو حاصل ہوگیا۔

عاملین کاملین اور عام خواتین و حضرات کیلئے ایک رہنما کتاب

عامل بنانے والی کتاب

قواعد عملیات و تعویذات

صفحات 240 — قیمت 400 روپے

تحقیق و تالیف: صوفی محمد ندیم محمدی

☆ عامل کیلئے ضروری معلومات ☆ اشیاء نقوش ☆ چلہ کشی ☆ ستاروں کے متعلق اہم معلومات ☆ بروج کے متعلق اہم معلومات ☆ عملیات و تعویذات میں دعوت ☆ ایام عملیات ☆ حروف تہجی ☆ موکلات ☆ تعویذات یا نقوش ☆ اصول نقوش ☆ بیوت نقش ☆ قانون قدرت اور عملیات و تعویذات ☆ قمر در عقرب معلوم کرنا ☆ آپ کی خوش بختی کا سال کون سا ہے؟ ☆ نوروز ☆ جفر الجامع ☆ مراتب کواکب ☆ غالب و مغلوب ☆ سعد و نحس ساعات ☆ سیارگان فلک کا طلوع و غروب ☆ رجعت و استقامت سیارگان ☆ کرشمہ نظرات ☆ عرس ہائے بزرگان اسلام ☆ دعائے کن فیکون ☆ دعائے گنج العرش ☆ اصحاب بدرؓ ☆ اسماء بدریین

0332-4487877 042-35410586 maktabatulaarif
0323-4487877 maktabatulaarif
maktabatulaarif.com maktabatulaarif@gmail.com
مکتبۃ العارف

قدیم نایاب اور مکمل نسخہ عملیات

گنجینہ وظائف عملیات

صفحات 288 — قیمت 600 روپے

تالیف: عامل باعمل حکیم پیر عبدالقادر قادری نقشبندی چشتی

☆ بسم اللہ شریف کے فوائد ☆ سورۂ فاتحہ شریف برائے تمام مہمات و حاجات ☆ جواہر القرآن ☆ ہر دکھ کا ورد اور ہر درد کی دوا (دعا) ☆ تعویذات حب ☆ عمل سورۂ اخلاص برائے حب و وسعت رزق ☆ طلسم برائے حب ☆ مطلوب بیقرار ہوکر حاضر ہو ☆ برائے حب مطلوب مطیع رہے ☆ لڑکیوں کی شادی کے واسطے ☆ حب کیلئے تیر بہدف عمل ☆ برائے محبت و کند ذہنی ☆ خاوند بیوی میں محبت کمال درجے کی ہو ☆ مطلوب حاضر ہو ☆ محبت برائے بیوی ☆ دو منکوحہ عورتوں کی عداوت دور کرنا ☆ عورت کے بچہ پیدا نہ ہوتا ہو ☆ تسخیر ہمزاد ☆ حمل کو برقرار رکھنے کیلئے ☆ ناجائز دوستی چھڑانے کیلئے ☆ رقم دست غیب سے حاصل ہو ☆ برائے مفلسی اولاد نرینہ کیلئے ☆ سوکڑا کیلئے ☆ نقش برائے ترقی روزگار، ملازمت و عہدہ ☆ بیماریوں کے متعلق مجرب عملیات ☆ بچہ ہر بلا سے محفوظ اور عمر دراز رہے ☆ دفع کشیدگی شوہر و بیوی ☆ مال اور عمر کی زیادتی کیلئے وظیفہ ☆ چہل اسمائے اعظم

0332-4487877 042-35410586 maktabatulaarif
0323-4487877 maktabatulaarif
maktabatulaarif.com maktabatulaarif@gmail.com
مکتبۃ العارف

جادو کی ستم نوازیوں اور سفلی عمل کی چیرہ دستیوں سے نمٹنے کیلئے اک ضرب یداللّٰہی

جادو شکن

صفحات 328 — قیمت 500 روپے

تالیف: عابد عسکری

☆ روحانی قوت ☆ جادو پر ایک نظر ☆ جادو کیسے کرایا جاتا ہے؟ ☆ جنات کے ذریعہ جادو کرانے کی حقیقت ☆ جادو کے اثرات کو ختم کرنے کا عمل ☆ بندش کھولنے کیلئے ایک مجرب ترین عمل ☆ جادو جنتر منتر ☆ جنات کے عامل ☆ سابر منتر، ایک تعارف ☆ قرآن پاک میں جادو کا تذکرہ ☆ دربار فرعون میں جادوگروں کے کرتب ☆ تعویذوں کے اثرات ☆ لبید بن عاصم یہودی کا جادو کرنا ☆ سحر کیا ہے؟ ☆ معجزہ اور سحر کے مابین فرق ☆ شرک اور سحر کا باہمی ارتباط ☆ الہام رحمانی و شیطانی اور ان کا فرق ☆ حملہ طوفان سحر اور اس کی مثال ☆ تشبیہ اثرات سحر ☆ بحالت سحر انبیاء، امت کا باہمی فرق ☆ علم سحر کے اجتماع کی ضرورت، علم کے قرآن پاک کے ساتھ اس کی حکمت ☆ بخارات شیطانی کا صعود اور انوار تعوذ کی بارش ☆ عشق کا جادو ☆ علم جادو ☆ ہندو دھرم میں علم سحر ہٹ یوگ ہے ☆ رد سحر کا علم ☆ جادو کا اثر باطل کرنا ☆ جادو کا علاج ☆ گڑا ہوا جادو نکالنا ☆ سفلی جادو کا علاج ☆ عاملوں کیلئے ضروری ہدایات

0332-4487877 042-35410586 maktabatulaarif
0323-4487877 maktabatulaarif
maktabatulaarif.com maktabatulaarif@gmail.com
مکتبۃ العارف

ویدک نجوم کے خفیہ راز، منازل قمری کے اسرار و رموز

اک جہان حیرت

صفحات 256 — قیمت 1200 روپے

تحقیق و تحریر: ڈاکٹر سید انور فراز

☆ ویدک منازل قمری (نچھتر) مع منسوبات ☆ پہلا نچھتر بھرنی ☆ دوسرا نچھتر بھرنی ☆ تیسرا نچھتر کرتکا ☆ چوتھا نچھتر روہنی ☆ پانچواں نچھتر مرگھرا ☆ چھٹا نچھتر اردرا ☆ ساتواں نچھتر پنر وسو ☆ آٹھواں نچھتر پشیا ☆ نواں نچھتر ماگھ ☆ گیارہواں نچھتر پر واپھالگنی ☆ بارہواں نچھتر اتر پھالگنی ☆ تیرہواں نچھتر ہست ☆ چودہواں نچھتر چترا ☆ پندرہواں نچھتر سواتی ☆ سولہواں نچھتر وشاکھا ☆ سترہواں نچھتر انورادھا ☆ اٹھارہواں نچھتر جشیٹھا ☆ انیسواں نچھتر مولا ☆ بیسواں نچھتر پوشدھ ☆ اکیسواں نچھتر اتر شدھ ☆ بائیسواں نچھتر سرونا ☆ تئیسواں نچھتر دھنشٹھا ☆ چوبیسواں نچھتر ست بھیشا ☆ پچیسواں نچھتر پرو بھدر پد ☆ چھبیسواں نچھتر اتر بھدر پد ستائیسواں نچھتر ریوتی ☆ نمایاں شناخت و اثرات ☆ منازل سے متعلق اشیاء تقابلی زائچہ ☆ نامراد جوڑے، بامراد جوڑے ☆ قمری تقابل ☆ راسی (قمری برج) ☆ یونی (جنسی تقابل) ☆ مزید تقابلی جائزہ ☆ یونانی منازل قمر (خواص و اثرات و طلسمات)

0332-4487877 042-35410586 maktabatulaarif
0323-4487877 maktabatulaarif
maktabatulaarif.com maktabatulaarif@gmail.com
مکتبۃ العارف

مکتبہ العارف سے عملیات/تعویذات/وظائف اور دیگر روحانی علوم پر کتب و رسائل آن لائن خریدیں https://bit.ly/3reutxX

حزب النور و قضاء الحوائج
للإمام الجیلانی رضی اللہ عنہ

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ، بِسۡمِ اللّٰهِ النُّوۡرِ، اَلْحَمْدُ الَّذِیْ هُوَ مُدَبِّرُ الْاُمُوْرِ، وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ هُوَ خَالِقُ النُّوْرِ، وَاَنْزَلَ التَّوْرَاةَ عَلٰى جَبَلِ الطُّوْرِ، فِیْ كِتَابٍ مَّسْطُوْرٍ، وَعَلَى السَّرَّاءِ وَالضَّرَّاءِ مَشْكُوْرٌ، اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ اَنْزَلَ الْكِتَابَ، اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَجَعَلَ الظُّلُمٰتِ وَالنُّوْرَ، ثُمَّ الَّذِیْنَ كَفَرُوْا بِرَبِّهِمْ يَعْدِلُوْنَ. كهيعص حم عسق اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ، اَللّٰهُ لَطِيْفٌ بِعِبَادِهٖ يَرْزُقُ مَنْ يَّشَاءُ وَهُوَ الْقَوِیُّ الْعَزِيْزُ. يَا كَافِیْ كُلَّ شَیْءٍ اِكْفِنِیْ مِنْ كُلِّ شَیْءٍ وَاصْرِفْ عَنِّیْ كُلَّ شَیْءٍ فَاِنَّكَ قَادِرٌ عَلٰى كُلِّ شَیْءٍ، سُبْحَانَ اللّٰهِ وَلَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِیِّ الْعَظِيْمِ. بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ، بِسْمِ اللّٰهِ خَيْرِ الْاَسْمَاءِ اِلٰهِ الْاَرْضِ وَالسَّمَاءِ، بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِیْ لَا يَضُرُّ مَعَ اسْمِهٖ شَیْءٌ فِی الْاَرْضِ وَلَا فِی السَّمَاءِ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ، بِسْمِ اللّٰهِ اَصْبَحْتُ وَاَمْسَيْتُ وَعَلَى اللّٰهِ تَوَكَّلْتُ. اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْاَلُكَ بِاسْمِكَ الْعَظِيْمِ الْاَعْظَمِ، وَبِوَجْهِكَ الْكَرِيْمِ الْاَكْرَمِ، وَاَسْاَلُكَ بِفَضْلِكَ عَلٰى جَمِيْعِ خَلْقِكَ، يَا رَافِعَ الدَّرَجَاتِ يَا مُجِيْبَ الدَّعَوَاتِ يَا عَالِمَ السِّرِّ وَاَخْفٰى يَا غَافِرَ الْخَطِيْئَاتِ يَا قَابِلَ التَّوبَاتِ يَا مُقِيْلَ الْعَثَرَاتِ يَا مُضَاعِفَ الْحَسَنَاتِ يَا مُتَجَاوِزًا عَنِ السَّيِّئَاتِ يَا مُفَرِّجَ الْكُرُبَاتِ يَا قَابِلَ الصَّدَقَاتِ يَا دَافِعَ الْبَلِيَّاتِ يَا وَاسِعَ الْعَطِيَّاتِ يَا هَادِيًا عَنِ الضَّلَالَةِ يَا فَاطِرَ السَّمٰوٰتِ يَا مُنَزِّلَ الْاٰيَاتِ، مِنْ فَوْقِ سَبْعِ سَمٰوٰتٍ، يَا سَاتِرَ الْقَبِيْحَاتِ، يَا قَاضِیَ الْحَاجَاتِ يَا دَافِعَ الْبَلِيَّاتِ. يَا عَظِيْمَ الرَّجَاءِ اِنْقَطَعَ الرَّجَاءُ اِلَّا مِنْكَ اَسْاَلُكَ اَنْ تُصَلِّیَ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ خَيْرِ خَلْقِكَ وَمُظْهِرِ حَقِّكَ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَصَحْبِهِ الطَّيِّبِيْنَ الطَّاهِرِيْنَ اَجْمَعِيْنَ وَسَلِّمْ تَسْلِيْمًا كَثِيْرًا وَحَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ نِعْمَ الْمَوْلٰى وَنِعْمَ النَّصِيْرُ، وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِیِّ الْعَظِيْمُ. اَللّٰهُمَّ بِحَقِّ هٰذَا السِّرِّ الْمَكْنُوْنِ الْمَخْزُوْنِ الَّذِیْ هُوَ بَيْنَ الْكَافِ وَالنُّوْنِ، اَنْ تَجْعَلَ لِیْ مِنْ كُلِّ هَمٍّ وَغَمٍّ فَرَجًا، وَمِنْ كُلِّ ضِيْقٍ مَخْرَجًا، وَاَنْ تَجْمَعَ لِیْ بَيْنَ خَيْرَیِ الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ، وَاَنْ تَقْضِیَ حَاجَتِیَ الَّتِیْ اَنْتَ تَعْلَمُهَا فِیْ وَقْتِیْ هٰذَا، مِنْ خَيْرِ الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ، يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ.

عورتوں کے لیے روحانی علاج

شیخ العاملین حضرت مولانا امان اللہ نقشبندی رحمہ اللہ

برائے اسقاط حمل

اگر خون جاری ہوگیا ہو تو ایک سرخ ڈورا حاملہ کے قد کے برابر ناپ کر اس پر سات (7) بار اس اسم مبارک کو مع کلمہ طیبہ کے دم کریں اور ہر بار گرہ دیں اور عورت کی کمر میں باندھ دیں۔ ان شاء اللہ حمل ساقط نہ ہوگا۔ عمل یہ ہے۔ نہایت مجرب ہے:

اَلصَّبُوْرُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ۔

برائے حمل وپھل

اس دعا کو لکھ کر عورت کے گلے میں ڈالیں۔ اسی مہینہ میں حاملہ ہو جائے گی۔ اور کسی درخت پر باندھ دیا جائے تو وہ خوب پھل دے۔ دعا یہ ہے:

بسم اللہ الرحمن الرحیم

ھو ھو ھو ھو ھو ھو

اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ

ح ح ح ح ح ح

قیوم قیوم قیوم قیوم قیوم قیوم

وصلی اللہ تعالی علی خیر خلقه

محمد وآله واصحابه اجمعین

برائے وضع حمل

ایں طلسم نوشتہ برراست ران عورت بہ نبدد، بزدد وضع حمل شود۔

اثنتا	سبعه	ست
تسعه	خمسه	واحد
اربعه	ثلثه	ثمانیه

جس کی اولاد نہ ہوتی ہو یا زندہ نہ رہتی ہو یا اسقاط ہو جاتا ہو اور مسان کے لیے

حسب ضرورت کالی مرچ اور اجوائن صاف کر لیں۔ بروز سوموار بعد از نماز ظہر باوضو چالیس (40) بار سورۃ والشمس پڑھیں اور اکتالیس (41) بار درود شریف اور ہر بار دم کریں۔ پھر محفوظ رکھ لیں۔ ہر روز حاملہ ایک دو (1،2) کالی مرچ اور تھوڑی سی اجوائن اور ذرا سا نمک ملا کر کھایا کرے۔ ان شاء اللہ جنین قائم رہے گا اور مرض مسان سے جس سے آگے بچے ضائع ہو جاتے ہیں، محفوظ رہے گا۔ دودھ چھڑانے تک حاملہ کھائے۔ پانی سے استعمال کرے۔ (از حضرت شاہ ولی اللہؒ)

برائے آسانی ولادت

یہ کلمہ لکھ کر پیشانی پر باندھے، بچہ آسانی سے پیدا ہو۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔ اَلشَّکُوْرُ الصَّبُوْرُ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ۔

برائے آسانی ولادت

از یک درویش باشرع) برائے دردزہ اس نقش کو لکھ کر عورت داہنے ہاتھ پر رکھ کر اسے غور سے دیکھے۔ ان شاء اللہ جلد ولادت ہوگی۔

نقش یہ ہے:

ج ح خ ط ظ ع غ ق ی ک ل م

برائے آسانی ولادت

مندرجہ ذیل تعویذ لکھ کر عورت کی بائیں ران میں باندھیں، جتنی بھی تکلیف ہوگی، بچہ فوراً پیدا ہوگا۔

تعویذ یہ ہے:

لؤلو	لؤلو	لؤلو
لؤلو	لؤلو	لؤلو

دُعائے برہتیہ کے اٹھائیس اسماء کے مختصر خواص

حضرت صوفی غلام سرور شباب مدظلہٗ (حویلی لکھا)

جون ۲۰۲۳ء کے شمارے میں پہلے چھ (6) اسم کے خواص بیان کیے گئے تھے۔اب مزید ملاحظہ فرمائی۔

ساتواں اسم: (تَزقَبٍ)

☆ جو کوئی جمعۃ المبارک کو اس نقش کے اوپر یہ اسم لکھے اور نقش کے نیچے مندرجہ ذیل عبارت لکھے۔اور اسے عود کا بخور دے کر کاروبار کی جگہ آویزاں کردے۔اللہ تعالیٰ کاروبار میں خوب برکت دے گا۔نقش یہ ہے۔

تَزقَب

۱۵۵	۱	۷	۲۵۵
۲۵۵	۱۵۵	۱	۷
۷	۲۵۵	۱۵۵	۱
۱	۷	۲۵۵	۱۵۵

كُلَّمَا دَخَلَ عَلَيْهَا زَكَرِيَّا الْمِحْرَابَ وَجَدَ عِنْدَهَا رِزْقًا۔

آٹھواں اسم: (بَزهَشٍ)

☆ جو شخص ان دو (2) (تَزقَبٍ۔بَزهَشٍ) اسماء کو نصف شب ایک ہزار دو سو نو (1209) مرتبہ پڑھے اور ہر سینکڑے پر خدام کا نام لے تو جو مقصد ہوگا پورا ہوگا۔ خدام یہ ہیں۔"زحرائیلُ وشیطائیلُ" بخور اس عمل کا عود اور لوبان ہے۔

ناواں اسم: (غَلمَشٍ)

☆ جو شخص اس اسم کو ہر رات تین (300) سو مرتبہ پڑھے کہ ریاضت کے دوران روزہ رکھے۔اور ہر سینکڑہ کے بعد سات (7) مرتبہ کہے۔"تو كَلُوْا يَا خُدَّامَ هٰذَا الْاِسْمِ فِيْ صِفَةِ (كذا الٰى كذا) وَاَمْرُوْهُ (بِكَذَا) تین (3) دن نہ گزر پائیں گے کہ حاجت پوری ہوگی۔

☆اور جو شخص اس کو کسی دھات کے ٹکڑے پر گیارہ (11) مرتبہ جدا جدا حروف کے ساتھ لکھے اور پھر بخور دے اثرِ مطلوب کے ساتھ اور پھر اسے غالب طبع مطلوب کے مطابق استعمال کرے۔تین (3) دن نہ گزرنے پائیں گے کہ مطلوب حاضر ہوگا۔

☆اور جو شخص کسی آسیب زدہ مکان سے جنات کو بھگانے کا ارادہ کرے۔تو اس اسم کو ایک ہزار تین سو ستر (1370) پڑھے اور بخور عود کا روشن کرے۔ مگر اس اسم کو معکوس کرکے پڑھنا ہوگا۔یعنی "شَمْلَغٍ" پھر کہے "بِحَقِّ هٰذَا الْاِسْمِ اَيُّهَا الْمَلَائِكَةُ ائذنوا اللجانِ اَنْ يَرْجِعُوْا اِلٰى اَمَاكِنِهِمْ وَاِلٰى مَاوٰى كَلُوْا عَلَيْهِ بَارَكَ اللّٰهُ فِيْكُمْ وَعَلَيْكُمْ۔"

دسواں اسم: (خُوطِيرٍ)

☆ جو شخص اس اسم کے حروف کو مفرد کر کے سورۃ الطارق کے ساتھ لکھے اور پھر چھوٹے بچے کے گلے میں ڈال دے تو بچہ نظر بد اور آسیب ڈر خوف سے محفوظ رہے گا۔

☆ جو اس اسم کو روزانہ ستر (70) مرتبہ پڑھے اور چالیس (40) یوم تک جاری رکھے اور پھر روزانہ سات (7) مرتبہ ہمیشہ پڑھتا رہے تو اللہ تعالیٰ کی طرف سے اُسے رعب اور دبدبہ حاصل ہوگا اور اُس کے دل سے حکمت پھوٹ پڑے گی۔اور لوگوں میں عزت و احترام بڑھے گا۔

☆ اگر کوئی فرد لوہے کی انگوٹھی پر مندرجہ ذیل اسماء کو لکھے۔اسماء یہ ہیں۔

(مزجل۔بزجل۔ترقب۔برھش۔غلمش۔خوطیر)

اور پھر انگوٹھی کو اپنے سیدھے ہاتھ کی کسی انگلی میں پہن لے۔پس وہ فردِ فنِ حرب میں طاق ہوگا۔اپنے زمانے کے دیگر ماہرین سے، اللہ تعالیٰ مہارت عطا فرمائے گا۔

☆ اگر کسی جانور کو زخم لگ کر خراب ہو گیا ہو تو اس اسم کو صاف برتن پر لکھیں اور دھو

کر اُس جانور کو پلاتے رہیں۔ ان شاء اللہ تندرست ہو جائے گا۔

☆اگر اسے بھیڑیے کے رنگے ہوئے چمڑے پر لکھا جائے اور پھر اسے گھر کی چوکھٹ میں دفن کر دیا جائے تو اُس گھر میں کتا داخل نہ ہوگا۔

☆اگر اسے سیب پر سات (7) مرتبہ مطلوب کے نام کے ساتھ پڑھ کر دم کیا جائے اور پھر وہ سیب مطلوب کو کھلا دیا جائے تو اُس کے دل میں محبت پیدا ہوگی۔

☆اگر کوئی شرف شمس کے وقت خالص سونے کی لوح پر اُسے لکھے اور پھر اپنے پاس رکھے تو لوگوں پر اُس کا رعب اور دبدبہ ہوگا۔ اور عزت واحترام بڑھے گا۔

☆اگر کوئی ہفتے کے دن ساعت اول میں قلعی کی لوح پر اس طرح لکھے اور پھر لونگ کا بخور دے کر سیاہ اون کے دھاگے کے ساتھ باندھ کر کسی ظالم کے کنویں میں لٹکا دے تو اُس کنویں کا پانی نیچے چلا جائے گا۔ "وَاِنَّا عَلٰی ذَھَابٍ بِہٖ لَقَادِرُوْنَ۔ مزجل۔ بزجل۔ ترقب۔ برھش۔ غلمش۔ خوطیر"۔

گیارھواں اسم: (قَلْنَھُوْدٍ)

☆اس اسم کو ستائیس (27) مرتبہ کسی آسیب زدہ مصروع پڑھا جائے اور یہی اسم بسط حروفی کر کے عنبر، جاوی اور لوبان کے بخور کیا جائے تو آسیب نکل جائے گا۔

☆اگر کسی عورت کا خون جاری ہو یا کسی کا خون بواسیر، نکسیر یا مقعد کے ذریعہ آ رہا ہو یا سحر و جادو کی وجہ سے خون کی قے آئی ہو، سب کے لئے یہ نقش مفید ہے۔ مریض مسحور کے کپڑے پر یہ نقش تحریر کر کے اُس کے گلے میں ڈال دیں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ خون رُک جائے گا، نقش یہ ہے:

یا قابض

یا قابض					یا قابض
	قلنہود	برشان	کظھیر	نموشلخ	
	برشان	کظھیر	نموشلخ	قلنہود	
	کظھیر	نموشلخ	قلنہود	برشان	
	نموشلخ	قلنہود	برشان	کظھیر	

بارھواں اسم: (بَرْشَانٍ)

☆اگر کوئی شرف قمر کے وقت چاندی کی انگوٹھی پر اسے لکھے اور پھر اپنے سیدھے ہاتھ کی انگلی میں پہن لے تو لوگوں میں عزت واحترام بڑھے گا۔

☆اگر کوئی ارواح سے کسی چیز کے متعلق خبر لینا چاہے تو لوبان کا بخور روشن کر کے رات کو سوتے وقت ان دو (2) اسماء کو پڑھتے پڑھتے سو جائے۔ خواب میں ارواح آگاہ کر دیں گی۔ جو بھی مقصد ہوگا۔ اسماء یہ ہیں۔ "قَلْنَھُوْدٍ۔ بَرْشَانٍ"

تیرھواں اسم: (کَظْھِیْرٍ)

☆عاملین وکاملین فرماتے ہیں یہ اسم حضرت یونس علیہ السلام کی تسبیح ہے۔ اس کے خواص یہ ہیں کہ اگر کوئی تانبہ کی لوح پر نقش مخمس کی صورت بسط حرفی کر کے کندہ کرے اور پھر گھر میں لٹکائے تو وہ گھر آگ لگنے، چوروں سے محفوظ رہے گا۔ اور اُس گھر میں آسیب داخل نہ ہو سکے گا۔ نقش یہ ہوگا۔

۷۸۶

ک	ظ	ھ	ی	ر
ظ	ھ	ی	ر	ک
ھ	ی	ر	ک	ظ
ی	ر	ک	ظ	ھ
ر	ک	ظ	ھ	ی

تسخیر و حاضری مؤکلات، جنات، دیویاں، پریاں کے ایسے صدری مجرب المجرب
اور خاص اعمال جو اس سے پہلے آپ نے ایک جگہ نہ دیکھے ہوں گے۔ بار بار آزمودہ اعمال جن کو بنا زکوۃ اور چلہ ہر کوئی استعمال کر سکتا ہے۔ ایک نایاب اور بیش قیمت تحفہ
صفحات: 111
نئی کتاب
تسخیر و حاضرات سفلی
تحریر و مرتبہ
میاں فیصل حمید صفدری
اجازت کے ساتھ ھدیہ
قیمت 3500 روپے
خاص اجازت، تاعمر رہنمائی، عملیات کی گارنٹی اور ہر عمل اپنی نگرانی میں کروانے کی ذمہ داری کے ساتھ ہدیہ: 7500 روپے
حاضری ہاروت و ماروت ** حاضری زیتون بنت ابلیس ** حاضری عائینہ بنت ابلیس ** حاضرات خودی ** حاضرات پریاں ** حاضرات جن عورت ** حاضرات ھیلوش جن
حاضری ششلا ** حاضری جلجلان ** عمل حاضری پری ** عمل حاضری جنات وجنی ** عمل حاضری و تسخیر ابلیس لعین ** عمل حاضری و تسخیر دولی جنی ** تسخیر بھیرو بیر ** تسخیرات بونے
تسخیر و حاضری کالی ** حاضری عبد اسود ** تسخیر حاضری عزرائیل ابلیس ** حاضری تخت سلیمان علیہ السلام ** حاضری ناروش پری ** حاضری حقے والا بابا ** حاضری سحر گلاب پری
حاضری شمعون جن ** حاضری پریاں ** حاضری و تسخیر بھوت ** حاضری و تسخیر موہن بیر ** حاضری و تسخیر نارسنگ بیر ** تسخیر کلوا بیر و نارسنگھ بیر ** حاضری ڈاکنی ** حاضری ہمزاد کالی
ماتا دیوی کی حاضری ** بوبی کی حاضری ** جن کی حاضری ** مؤکل کی حاضری ** جن کی حاضری ایک دن میں ** بھوتنی کی تسخیر ** سمانی پری کی حاضری ** حاضری کالکاں دیوی ** جادو
تعویذات کو حاضر کرنا ** تسخیر و حاضری پری ** تسخیر جنات ** تسخیر و حاضری مؤکلات ** ضیغم پری کی حاضری ** نیلوفر کی حاضری ** وحشی خونی چڑیل کی حاضری ** بدرو جمال پری کی
حاضری ** پری کی حاضری کا آسان عمل ** گل بانو پری کی حاضری ** مؤکل کی حاضری ** حاضری جھلی
0332-4487877 0323-4487877 042-35410586
مکتبۃ العارف دار العمل چشتیہ لاہور پاکستان
maktabatulaarif maktabatulaarif maktabatulaarif
maktabatulaarif.com maktabatulaarif@gmail.com
نئی کتاب
عملیات نوری صفدری
بیاض: سید صفدر محمود شاہ بخاری
مصنف و مرتبہ میاں فیصل حمید نقشبندی
صدیوں پرانی خاندانی بیاض کے صدری عملیات، وظائف و تعویذات جن کے مجرب اور قوی الاثر ہونے میں چنداں کوشک نہیں ہے۔
اجازت کے ساتھ ھدیہ
قیمت 3000 روپے
خاص اجازت، تاعمر رہنمائی، عملیات کی گارنٹی اور ہر عمل اپنی نگرانی میں کروانے کی ذمہ داری کے ساتھ ہدیہ: 6000 روپے
محبت میں بے قرار کرنا ** حب و حاضری مطلوب ** عمل حاضرات ** وسعت رزق حصول ** دشمن کی تباہی و بربادی ** جادو جنات کا توڑ ** حصارِ
کبیر ** نفرت عداوت جدائی ** کڑا خاص آیت الکرسی ** پسند کی شادی ** غم و فکر سے نجات ** نقش یصلب ** حصول علم و استخارہ ** شادی جلد ہو گی
بیماریوں کا علاج ** جادو بندش کا خاتمہ ** فتح نامہ ** شفایابی امراض ** ارسال ھاتف تسلیط ** دشمن کو مار پڑے ** شادی نکاح کی بندش ** رقم کی
واپسی قبضہ ختم ** دشمن پر جن لگانا ** گاڑی مشینری باندھنا ** شادی کیلئے راضی کرنا ** لوگوں کو اپنا دیوانہ بنانا ** روحانی طاقت میں اضافہ ** عمل ہمزاد
حب و تسخیر یٰسین ** داڑھ درد کا مجرب دم ** خاتمہ و بربادی دشمن ** محبت مطلوب مجرب ** ہلاکت دشمن ** تسخیر مطلوب و خلق ** پرائز بانڈ لاٹری
تسخیر و حاضری محبوب ** عمل سے پہلے حصار ** مندرہ حضرت علیؓ ** ڈنکا مولا علی سرکار ** عمل آیت الکرسی ** ہر قسم کی بندش ختم ** کشادگی وسعت رزق
تسخیر خلائق ** مفرور کیلئے عمل ** اجاڑ دشمن ** محبت مطلوب مجرب ** خاتمہ دشمن ** جادو جنات کا توڑ
0332-4487877 0323-4487877 042-35410586
مکتبۃ العارف دار العمل چشتیہ لاہور پاکستان
maktabatulaarif maktabatulaarif maktabatulaarif
maktabatulaarif.com maktabatulaarif@gmail.com
روحانی درس گاہ میں داخلہ لینے کے لیے فارم ڈاؤن لوڈ کریں https://bit.ly/3Ni8lvN

آیت الکرسی کا کثیر الفوائد تعویذ

حضرت مولانا حسن الہاشمی الہاشمی رحمۃ اللہ (دیوبند)

آیت الکرسی کا یہ عظیم المرتبت نقش بے شمار بزرگوں سے منقول ہے۔اس نقش کے لاتعداد فائدے بیان کئے گئے ہیں اور تجربہ کرنے پرانہیں برحق اور برصواب پایا گیا ہے۔ یہ نقش رعایا اور ماتحت لوگوں کے لئے سکون وعافیت کا باعث ثابت ہوتا ہے اور امراء اور بادشاہوں کے لئے عزت وہیبت کا ذریعہ اور وسیلہ بنتا ہے۔اس نقش سے دین ودنیا کی برکات حاصل ہوتی ہیں۔اس نقش کو اپنے پاس رکھنے والا ہر قسم کی آفات سے بفضلِ خداوندی محفوظ رہتا ہے۔اس کی تمام جائز حاجات پوری ہوتی ہیں۔اس نقش میں اس درجہ اسرار پوشیدہ ہیں کہ انہیں بیان کرنا آسان نہیں ہے۔اس نقش کے انوار وفیوض اس قدر ہیں کہ عقل حیران رہ جاتی ہے۔اس نقش کے استعمال سے نیکی کی توفیق، گناہوں سے بچنے کی صلاحیت عطا ہوتی ہے۔ صدق بیان کا جذبہ پیدا ہوتا ہے۔جھوٹ سے نفرت ہوجاتی ہے اور زبان کے اندر زبردست تاثیر پیدا ہوجاتی ہے جوعلم ومعرفت کا استحضار ہوتا ہے اور عقل وخرد میں بے پناہ اضافہ ہوجاتا ہے۔ چہرے پرنور اور آنکھوں میں ایمان وایقان کی چمک پیدا ہوجاتی ہے۔ وساوس سے حفاظت ہوتی ہے اور دل ودماغ پاکیزہ خیالات کا مرکز بن جاتے ہیں۔علاوہ ازیں دشمنوں پر غلبہ، رزق کی فراوانی، امن وسلامتی، قوت وہمت اور عزت ودبدبے کی دولتیں کثیر تعداد میں نصیب ہوتی ہیں۔رحمتوں کے دروازے ہرطرف سے کھل جاتے ہیں اور فیوض وبرکات موسلا دھار بارش کی طرح برستے ہیں۔

جوشخص شرف مشتری میں اس نقش کو نیا لباس پہن کر اور غسل مسنون کرکے گلاب وزعفران سے لکھے گا اور پھراس کو چاندی کی ڈبیا میں بند کرکے اپنے پاس رکھے گا تو وہ مذکورہ تمام فائدے ہر ہر قدم پر محسوس کرے گا۔ علاوہ ازیں ہمیشہ دشمنوں پر فتح پائے گا اور کوئی طاقتور سے طاقتور دشمن اسے مغلوب نہ کرسکے گا۔کسی حاسد کا حسد اسے نقصان نہ پہنچائے گا۔کسی دشمن کے شر سے اس کا کچھ بھی نہیں بگڑے گا۔نقصان پہنچانے والوں کو خود نقصان اٹھانا پڑے گا۔لیکن بفضلِ رب العلمین نقصان سے محفوظ رہے گا۔اُمراء اس کی عزت کرنے پر مجبور ہوں گے۔غرباء اُس کے آگے سر جھکائیں گے۔ مرد اُس کو اپنا ہمدرد خیال کریں گے اور خواتین اسے دیکھ کر خوش ہوں گی اور اظہار اطاعت کریں گی۔ وہ عورتوں اور مردوں میں اور ہر عمر کے انسانوں میں مقبول اور محبوب رہے گا اور ہمیشہ ہر جگہ منفرد اور نمایاں رہے گا اور کسی بھی جگہ اس کی رسوائی ممکن نہ ہوگی۔

اگر اس نقش کو مذکورہ طریقے سے لکھ کر گھر میں لٹکا دیا جائے تو گھر شیاطین اور جنات کے اثرات سے محفوظ ہوجائے اور علوی سحر اور سفلی جادو کے حملوں سے اس کی حفاظت ہوگی۔ اس کے گھر کی بلائیں اور آفتیں رخصت ہوجائیں گی اور بیماریوں کے حملے سے بھی اس کے گھر کے رہنے والے محفوظ رہیں گے۔

اگر اس نقش کو مرگی کا مریض اپنے سیدھے بازو پر باندھ لے تو مرگی سے ہمیشہ کے لئے نجات حاصل ہوجائے۔ اگر کسی شخص کا بخار نہ اترتا ہو تو اس کو یہ نقش لکھ کر پلائیں، ان شاء اللہ بخار رفع ہوگا اور صحت کاملہ نصیب ہوگی۔ ہر موذی چیز کو دفع کرنے کے لئے یہ نقش کام دیتا ہے۔اس نقش کی برکت سے عامل ہر اُس بلا سے، جو زمین سے نکلتی ہے یا آسمان سے اترتی ہے، محفوظ ومامون ہوجاتا ہے۔ وہ تمام مصائب وآلام سے بے پرواہ ہوجاتا ہے۔

اگر اس نقش کو آیت الکرسی کی زکوٰۃ ادا کرنے کے بعد کوئی شخص عروج ماہ میں اور شرف مشتری میں غسل کے بعد اور نیا لباس پہن کر اور نئی ہرے رنگ کی چادر پر بیٹھ کر رجال الغیب کا لحاظ رکھتے ہوئے زرد رنگ کے کاغذ پر ہری روشنائی سے یا سفید رنگ کے کاغذ پر گلاب وزعفران سے لکھے گا اور پھر اس کو اپنے بازو پر باندھ کر بادشاہ کے پاس جائے گا تو بادشاہ اس کے سامنے جھکنے پر مجبور ہوگا۔ کوئی قوی دشمن اگر مکان میں رہتا ہو اور مکان خالی نہ کرتا ہو تو اس نقش کو مذکورہ طریقے سے اور مکان خالی کرانے کی نیت سے لکھے۔ ان شاء اللہ وہ شخص مکان خالی کرکے چلا جائے گا اور اسی مکان سے تمام موذی چیزیں مثلاً سانپ، بچھو، دیگر حشرات الارض اور

(بقیہ ص 54)

اللہ تعالیٰ کے خاص اسمائے حسنیٰ کے روحانی اعمال

علامہ ڈاکٹر سخاوت حسین سندرالوی

*...... **یَا طَعۡمُوۡنَتۡ:** اس کے معنی یہ ہیں یَادَآئِمَ الۡاَبَدِ (اے ہمیشہ رہنے والے)۔ اس نام کی صفت یہ ہے کہ حضرت عیسیٰؑ اسے پڑھ کر مردہ کو زندہ اور پیدائشی اندھے کو سماکھا (دیکھنے والا) اور بیمار کو صحت مند کر دیتے تھے۔ اس کی خاصیت یہ ہے کہ جو شخص اسے انگوٹھی کے نگینہ پر نقش کر کے داہنے ہاتھ کی انگلی میں پہنے تو لوگوں میں نیک نام اور معزز ہوگا۔ اس کا قول مقبول ہوگا اور سب لوگ اس کے مطیع اور دوست ہوں گے اور اس کی قربت کے خواہشمند ہوں گے۔

*...... **یَا شَمۡعَاوَتِیۡ:** اس کے معنی یہ ہیں حَسۡبِیَ اللّٰہُ وَنِعۡمَ الۡوَکِیۡلُ (اللہ کی مدد میرے لئے کافی ہے اور وہی بہترین حامی ہے)۔ اس نام کی صفت یہ ہے کہ حضرت موسیٰؑ نے اس نام کو پڑھ کر اپنا عصا پھینکا تو اس کی برکت سے وہ اژدھا بن گیا اور اس نے فرعون کا سارا جادو باطل کر دیا اور حضرت موسیٰؑ کامیاب ہو گئے۔ اس کی خاصیت یہ ہے کہ اگر کوئی اسے چالیس (40) دن روزانہ طلوع آفتاب سے پہلے تہتر (73) مرتبہ کسی کام کی نیت سے خصوصاً رفع شر دشمن کے لئے پڑھے گا تو اللہ اسے شر دشمن سے محفوظ رکھے گا۔ اور اگر کوئی شخص اس اسم مبارک کو لکھ کر اپنے پاس رکھے گا تو بادشاہ و امراء و حاکم کے نزدیک عزت وجاہ پائے گا اور بزرگی حاصل کرے گا۔ نیز بزرگوں کی نگاہ میں معزز و مکرم ہوگا۔

*...... **یَا سَطِیۡخِیۡ:** اس کے معنی یہ ہیں یَا ھُوَ یَا مَنۡ ھُوَ ھُوَ (اے وہ اے وہ کہ جو وہ ہی وہ ہے)۔ اس نام کی صفت یہ ہے کہ جب حضرت موسیٰؑ فرعون کے سامنے تشریف لے گئے تو اسی نام کی تلاوت کی اور ہر بلاء و سختی سے محفوظ رہے۔ اس نام کی خاصیت یہ ہے کہ اگر کوئی گھر سے باہر جاتے وقت سات (7) مرتبہ یہ اسم پڑھ لے گا تو ان شاء اللہ ہر بلا سے محفوظ رہے گا۔ یہاں تک کہ اگر اژدھے کے دہن کے اندر چلا جائے گا تو بھی وہ کوئی تکلیف نہ پہنچا سکے گا۔ اسے لکھ کر اپنے پاس رکھنے کی بھی یہی خاصیت ہے۔

*...... **یَا تَوۡثِیَا:** اس کے معنی یہ ہیں لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ۔ (سوائے اس واحد و یکتا کے کوئی اور معبود نہیں)۔ اس نام کی صفت یہ ہے کہ انبیاء و مرسلینؑ نے اسی کے ذریعہ کافروں کے شر سے نجات اور ان کے مقابلہ میں کامیابی حاصل کی۔ اس نام کی خاصیت یہ ہے کہ جو بھی اسے پڑھے گا یا لکھ کر اپنے پاس رکھے گا تو وہ ہمیشہ تندرست و تونگر و خوشحال رہے گا۔ کبھی ناکامی و مصیبت سے دوچار نہ ہوگا بلکہ دلی مراد پائے گا۔

*...... **یَا مُعِیۡدُ**

یَامَالِخُ: اس کے معنی یہ ہیں یَاخَالِقَ الۡاَوۡلَادِ فِیۡ بُطُوۡنِ اُمَّھَاتِھِمۡ (اے ماؤں کے بطنوں سے بچے پیدا کرنے والے)۔ اس نام کی صفت یہ ہے کہ جناب امیر المومنین علی بن ابی طالب علیہ السلام نے اس نام کی برکت سے در خیبر کو اکھاڑا تھا اور وہاں کے سات (7) قلعے فتح کئے تھے۔ اس نام کی خاصیت یہ ہے کہ صلح کے لئے بے نظیر ہے۔ پس اگر کوئی کسی قسم کی مٹھائی پر اکتالیس (41) مرتبہ اسے پڑھ کر وہ مٹھائی ایسے لوگوں کو کھلائے گا، جن کی آپس میں تکرار ہو اور ایک دوسرے کے مخالف ہوں تو ان شاء اللہ وہ ایک دوسرے پر مہربان ہو جائیں گے اور ان کے درمیان سے نزاع و جھگڑا ختم ہوگا اور وہ صلح کر لیں گے۔

سورۂ الم نشرح کے اعمال

شفیع الدین نظامی رحمہ اللہ

طریقہ زکوٰۃ

نوچندی شب جمعرات سے باپرہیز جماع و گوشت، کامل تنہائی میں اکتالیس (41) بار روزانہ پڑھیں۔ گیارہ (11) روز میں زکوٰۃ صغیر ادا ہوجائے گی۔ اگر ستر (70) بار روزانہ پڑھیں، زکوٰۃ اکبر ادا ہوجائے گی۔ ورد روزانہ گیارہ (11) بار جاری رہے۔ یاد رہے! ہر دوصورت میں اوّل آخر گیارہ گیارہ (11،11) بار درود شریف پڑھنا ہے۔ دوران عمل جگہ اور وقت کی پابندی کریں۔ کاروبار میں خیر و برکت ہوگی۔ عزت و آبرو میں اضافہ ہوگا۔ آفات ناگہانی سے محفوظ رہیں گے۔

نسخہ کند ذہنی

جس کا حافظہ کمزور ہو، حصولِ علم کی طرف رغبت نہ ہوتی ہو، اسے پانی پر گیارہ (11) بار الم نشرح پھونک کر متواتر اکیس (21) روز پلائیں یا خود دم کر کے پی لیا کریں۔ بہتر یہ ہے کہ اس سورۂ شریف کے عامل سے پانی دم کرائیں۔ ان شاءاللہ حافظہ تیز ہوجائے گا۔ آفات ناگہانی سے محفوظ رہیں گے۔

علاج تنگ دستی

سورۂ الم نشرح بعد نماز ظہر اکیس (21) بار روزانہ پڑھنے والا کبھی تنگ دست نہیں ہوتا۔ دن بدن اس کی روزی فراخ ہوتی چلی جاتی ہے۔

ہر قسم کے بخار کا علاج

سورۂ الم نشرح میں نو (9) کاف ہیں۔ نیلا دھاگہ لے لیں۔ تین (3) بار درود شریف پڑھ کر سورت پڑھنا شروع کردیں۔ ہر کاف پر دھاگے میں گرہ لگاتے جائیں۔ اس طرح دھاگے میں نو (9) گرہ لگ جائیں گی۔ مریض کے گلے میں ڈال دیں۔ ان شاء اللہ بہت جلد ہر قسم کے بخار سے نجات ہوجائے گی۔

دجال کے فتنے سے حفاظت

السید حامد بن علوی بن طاہر الحداد العلوی الحسینیؒ

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

الَّذِيْنَ كَانَتْ اَعْيُنُهُمْ فِيْ غِطَآءٍ عَنْ ذِكْرِيْ وَكَانُوْا لَا يَسْتَطِيْعُوْنَ سَمْعًا ﴿۱۰۱﴾ اَفَحَسِبَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اَنْ يَّتَّخِذُوْا عِبَادِيْ مِنْ دُوْنِيْٓ اَوْلِيَآءَ ؕ اِنَّآ اَعْتَدْنَا جَهَنَّمَ لِلْكٰفِرِيْنَ نُزُلًا ﴿۱۰۲﴾ قُلْ هَلْ نُنَبِّئُكُمْ بِالْاَخْسَرِيْنَ اَعْمَالًا ﴿۱۰۳﴾ اَلَّذِيْنَ ضَلَّ سَعْيُهُمْ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَهُمْ يَحْسَبُوْنَ اَنَّهُمْ يُحْسِنُوْنَ صُنْعًا ﴿۱۰۴﴾ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِاٰيٰتِ رَبِّهِمْ وَلِقَآئِهٖ فَحَبِطَتْ اَعْمَالُهُمْ فَلَا نُقِيْمُ لَهُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وَزْنًا ﴿۱۰۵﴾ ذٰلِكَ جَزَآؤُهُمْ جَهَنَّمُ بِمَا كَفَرُوْا وَاتَّخَذُوْٓا اٰيٰتِيْ وَرُسُلِيْ هُزُوًا ﴿۱۰۶﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ كَانَتْ لَهُمْ جَنّٰتُ الْفِرْدَوْسِ نُزُلًا ﴿۱۰۷﴾ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا لَا يَبْغُوْنَ عَنْهَا حِوَلًا ﴿۱۰۸﴾ قُلْ لَّوْ كَانَ الْبَحْرُ مِدَادًا لِّكَلِمٰتِ رَبِّيْ لَنَفِدَ الْبَحْرُ قَبْلَ اَنْ تَنْفَدَ كَلِمٰتُ رَبِّيْ وَلَوْ جِئْنَا بِمِثْلِهٖ مَدَدًا ﴿۱۰۹﴾ قُلْ اِنَّمَآ اَنَا بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ يُوْحٰٓى اِلَيَّ اَنَّمَآ اِلٰهُكُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ ۚ فَمَنْ كَانَ يَرْجُوْا لِقَآءَ رَبِّهٖ فَلْيَعْمَلْ عَمَلًا صَالِحًا وَّلَا يُشْرِكْ بِعِبَادَةِ رَبِّهٖٓ اَحَدًا ﴿۱۱۰﴾ (الکہف:۱۰۱-۱۱۰)

مسلم وغیرہ نے ابودرداء رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ”جو شخص سورہ کہف کی آخری (10) دس آیات پڑھے گا، وہ دجّال کے فتنے سے محفوظ رہے گا۔“

دو (۲) خاص درود شریف

السید محمد اقبال غوث گیلانی (راجن پور)

درودِ باطن

حضور نبی کریم ﷺ اُمی تھے اور ہر علم اللہ جل جلالہ نے خود پڑھایا تھا۔ اس لیے جو شخص اللہ کے رسول ﷺ کی لفظ اُمی سے صفت بیان کرے تو اللہ جل جلالہ اس کے بدلہ میں اس شخص کو اپنے غیبی علم سے مطلع فرماتا ہے۔ اس پر علم باطن بذریعہ کشف کھلنے لگتے ہیں۔ اس کو پڑھنے والا مرشد کی ہدایت اور اجازت سے پڑھے تو اس کا ظاہر باطن پاکیزہ ہوجائے گا اور اس کی زبان سیف ہو جاتی ہے۔ اس کی دُعا بارگاہِ الٰہی میں قبول ہوتی ہے۔ جو شخص نماز جمعہ کے بعد مدینہ شریف کی جانب منہ کر کے کھڑا ہو اور ایک سو گیارہ (111) مرتبہ درود پاک پڑھے تو دین و دنیا میں فلاح پائے گا۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ صَلَّى اللّٰهُ عَلَى النَّبِيِّ الْأُمِّيِّ وَ اٰلِهٖ وَسَلَّمَ صَلٰوةً وَّسَلَامًا عَلَيْكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ۔

درود ناریہ

درودِ ناریہ پڑھنے کا طریقہ ہے کسی تنہائی والی جگہ پر چالیس (40) یوم کے لیے گوشہ نشینی اختیار کرے اور دن کے وقت روزہ رکھے اور چلّہ کے دوران رات دن یہی درود پاک پڑھے۔ پھر دیکھے! پردۂ غیب سے اس پر عجیب وغریب اسرار ظاہر ہوں گے۔ اس کے علاوہ رمضان المبارک میں اعتکاف کے دوران بھی اگر یہی درود پاک پڑھا جائے تو اللہ تعالیٰ اسے بے شمار روحانی اسراروں سے نوازے گا۔ اس درود پاک کے پڑھنے والا ہمیشہ رنج وغم اور پریشانیوں سے محفوظ رہتا ہے۔ لہٰذا جب کسی پر مصیبت آئے تو فوراً اس درود پاک کا ورد کرنا چاہیے۔ ان شاء اللہ جل جلالہ اس کی مصیبت ختم فرمائیں گے یعنی زحمت رحمت میں بدل جائے گی۔

بسم اللہ الرّحمٰن الرّحیم

اَللّٰهُمَّ صَلِّ صَلٰوةً كَامِلَةً وَّسَلِّمْ سَلَامًا تَامًّا عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا

اے اللہ! تو درود نازل کر ایسا درود جو کامل ہو اور سلام بھیج ایسا سلام ہو جو کُھل کے ہو اُوپر ہمارے سردار ہمارے آقا

مُحَمَّدِ نِ الَّذِيْ تَنْحَلُّ بِهِ الْعُقَدُ وَتَنْفَرِجُ بِهِ الْكُرَبُ وَ تُقْضٰى بِهِ

محمد ﷺ کے جن کے ذریعے سے مشکلیں حل ہوتی ہیں اور پریشانیاں رفع ہوتی ہیں اور ضرورتیں

الْحَوَائِجُ وَتُنَالُ بِهِ الرَّغَائِبُ وَحُسْنُ الْخَوَاتِيْمِ ط وَيُسْتَسْقَى

پوری ہوتی ہیں اور مقاصد حاصل ہوتے ہیں اور خاتمہ

الْغَمَامُ بِوَجْهِهِ الْكَرِيْمِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ فِيْ كُلِّ لَمْحَةٍ وَّنَفَسٍ

بخیر ہوتا ہے اور بادل آپ ﷺ کے معزز چہرہ کو دیکھ کر سیراب ہوتا ہے اور درود بھیج آپ ﷺ کی اولاد پر آپؐ کے اصحاب پر ہر لحہ اور ہر سانس میں

بِعَدَدِ كُلِّ مَعْلُوْمٍ لَّكَ يَا اللّٰهُ يَا اللّٰهُ يَا اللّٰهُ

مطابق اپنی معلومات کے شمار کے۔ اے اللہ، اے اللہ، اے اللہ۔

بقیہ (ص 6): حضرت سیدنا امام حسین رضی اللہ عنہ

یاودود	یاجامع	یاودود	یاجامع

یا عزیز کا خاص وظیفہ اور خاص تعویذ

نظر سیارگان	ابتداء	مکمل	خاتمہ
تثلیث مریخ مشتری	31-07-23 03:14	02-08-23 01:44	03-08-23 23:40

سب سے زیادہ عزت والی ذات صرف اللہ پاک کی ذات ہے۔ ساری عزتیں اسی کے لئے ہیں۔ اسی کے لئے تھیں۔ اسی کے لئے رہیں گی۔ وہ عزتوں والا بھی ہے۔ عزتوں کا خالق بھی ہے اور عزتوں کا مالک بھی ہے۔ سب کو عزتیں دیتا بھی ہے اور عزتیں دلواتا بھی ہے۔ آج جو عمل آپ کی خدمت میں پیش کر رہا ہوں یہ "یاعزیز" کا عمل ہے۔ "العزیز جل جلالہ" یہ اللہ رب العزت کا صفاتی نام نامی ہے۔ اس اسم مبارکہ کو کثرت سے پڑھنے والے، کثرت سے ورد میں رکھنے والے، اس کی تسبیحات پڑھنے والے، اس کو بطور وظیفہ پڑھنے والے، اس کا چلہ کرنے والے، اس کی ریاضت کرنے والے، اس کو اٹھتے بیٹھتے، سوتے جاگتے، چلتے پھرتے پڑھنے والے، اس کا عمل کرنے والے، اس کا تعویذ اور نقش پاس رکھنے والے (بقیہ ص 33)

ماہنامہ خزینۂ روحانیات کے ممبران کے لئے اعمال

ماہنامہ خزینۂ روحانیات کے ممبران کو ادارے کی روحانی درسگاہ کی طرف سے اعمال سکھائے جاتے ہیں جن کی کوئی فیس یا ھدیہ نہیں ہے۔ بس محنت ممبران کی ہے اور اجازت و رہنمائی ہماری۔ اس سلسلے میں مزید ایک بات ذہن نشین رکھنے کی ہے کہ ان اعمال کو صرف وہی ممبران سیکھ سکتے ہیں، جن کی ممبرشپ جاری ہو۔ جو افراد ممبر نہیں ہیں، بے شک وہ ہر ماہ باقاعدگی سے کسی بک شاپ یا سٹال سے خریدتے ہوں، اس سہولت سے فائدہ نہیں اٹھا سکتے۔ وہ صرف ''عوام'' کو سکھائے جانے والے اعمال کر سکتے ہیں۔

* آیت شفاء (درجہ اول) * حصار کا خاص عمل * دعائے حزب البحر * دعائے حزب النصر * لاحول ولا قوۃ الا باللہ کا عمل * منزل (درجہ اول) * سورۃ الناس کا عمل * تسخیر کا خاص عمل * درودِ خضری کا عمل * سورۂ یٰسین کا عمل * سورۂ واقعہ کا خاص عمل برائے فراخی رزق * ہاتھ کے ذریعے روحانی تشخیص کا عمل * آیت کریمہ (درجہ اول) * حسبنا اللہ ونعم الوکیل * کینسر سے نجات کا خاص عمل (درجہ اول) * تسخیر و محبت کا خاص عمل * سورۂ اخلاص * سورۂ قریش * افحسبتم ...... الرّٰحمین (سورۂ مومنون کی آخری آیات)

اعمال کی تفصیل کے لئے دئے گئے لنک کو ملاحظہ فرمائیں۔

http://darulamal.org/ruhanidarsgah/amals/free/peoples/awam.htm

بغیر فیس اعمال منگوانے سے پہلے دی گئی شرائط و ہدایات اچھی طرح پڑھنے کے بعد اعمال منگوائیں۔ شرائط و ہدایات کی تفصیل کے لئے دئے گئے لنک کو ملاحظہ فرمائیں۔

http://darulamal.org/ruhanidarsgah/amals/free/peoples/terms.htm

مفت روحانی خدمات برائے جولائی 2023

رسالے کے آخر میں دیا گیا کوپن پُر کر کے ارسال کریں۔ ایک کوپن ایک فرد کے لیے۔ شرائط پر پورا نہ اترنے والوں سے معذرت۔

ہر قسم بداثرات سے کمرے کی رُوحانی حفاظت

اگر کوئی بداثرات (جادو، جنات، شیاطین، نظر بد وغیرہ) کا شکار ہو تو وہ مریض جہاں سوتا ہے، رہتا ہے...... اس کمرے کی حفاظت بہت ضروری ہوتی ہے۔ خاص قرآنی تعویذِ حفاظت حاصل کریں۔

جوڑوں کے درد سے نجات

جوڑوں کے درد سے نجات کا خاص تعویذ۔ یہ تعویذ محدود تعداد میں دستیاب ہیں (صرف خزینہ روحانیات کے ممبران کے لیے)۔

دکان کی ترقی کے لیے

اگر دکان کی ترقی چاہتے ہیں تو یہ خاص نورانی تعویذ، دکان پر آویزاں کرنے کے لیے حاصل کریں۔

دشمن مغلوب ہو

جس کا کوئی دشمن ہو اور اس کے سامنے آنا جانا ہو اور وہ تنگ کرتا ہو تو اس خاص تعویذ کو اپنے پاس رکھنے سے دشمن مغلوب ہو جائے گا اور تنگ نہیں کرے گا، ان شاء اللہ۔

کسی کو جن لپٹ گیا ہو

اگر کسی کو جن لپٹ گیا ہو اور اس کو تنگ کرتا ہو تو خاص نقش کو پہننے سے جن پیچھا چھوڑ دے گا، ان شاء اللہ۔

برکت کے لیے

جس چیز میں بھی برکت مطلوب ہو، اس خاص نقش کو اس چیز میں رکھ دی جائے۔ ان شاء اللہ برکت حاصل ہوگی۔

کاروبار بالکل ختم ہو گیا

سوال میرے گھر کے حالات بہت خراب ہو چکے ہیں۔ کاروبار بھی مسلسل نقصان ہو کہ بالکل ختم ہو چکا ہے۔ جب بھی پیسہ ڈالا، ڈوب گیا۔ گھر میں آپس میں تعلقات میں بھی کافی تناؤ ہے۔ اخراجات اٹھانا بہت ہی مشکل ہو گیا ہے۔ مہربانی فرما کر میری مدد فرمائیں۔ (ا، لاہور)

جواب آپ کا معاملہ سارا "سحر" کی وجہ سے ہے۔ سحر پرانا ہے جس کی وجہ سے معاملات خراب ہو چکے ہیں۔ علاج بھی جلدی نہیں ہوگا۔ بہتر تو یہی ہے کہ آپ کسی روحانی معالج سے باقاعدہ اس جادو کی کاٹ کروائیں۔ جب تک ایسا کوئی انتظام نہ ہو جائے تو یہ روحانی علاج کریں:

- ...... بعد نمازِ تہجد اوّل و آخر گیارہ گیارہ (11، 11) بار درود شریف کے ساتھ سورۂ فاتحہ شریف اکتالیس (41) مرتبہ، سر برہنہ کر کے، کھڑے ہو کر، ہاتھ پھیلا کر پڑھیں اور ہاتھوں پر دم کر کے منہ پر پھیرلیں اور ہر طرف پھونکیں اور اس طرح سے فجر کی سنت اور فرضوں کے درمیان پڑھیں۔
- ...... روحانی درس گاہ سے کاروبار کی ترقی کا عمل جو کہ بغیر فیس اعمال میں ہے، وہ منگوا لیں۔ اور جیسا لکھا ہے، ویسے ہی اس عمل کا چلّہ مکمل کریں۔
- ...... پابندی سے چالیس (40) دن صدقہ کریں۔ پورے ہفتہ کی ایک ترتیب بنالیں۔ سات (7) دن، سات (7) طرح کا صدقہ۔ آپ کی مرضی ہے کہ جس طرح کریں مگر منگل کے روز لازمی گوشت کا صدقہ کریں۔ میں ایک ترتیب لکھ دیتا ہوں، اگر مناسب ہو تو اسی پر عمل کر لیں ورنہ اپنی آسانی کے مطابق کریں مگر منگل کا گوشت کا صدقہ ہی ہوگا۔

جمعہ: حسبِ توفیق آٹا کسی غریب کو دیں۔

ہفتہ: ایک (1) مٹھی کالے ماش ثابت اپنے اوپر سے سات (7) بار وار کر جاری پانی میں ڈالیں۔

اتوار: حسبِ توفیق آبی جانور کو خوراک ڈالیں۔

پیر: حسبِ توفیق پرندوں کو اپنے گھر کی چھت پر خوراک ڈالیں۔ چھت نہ ہو تو پھر باہر کسی بھی جگہ رکھ دیں۔

منگل: دو یا تین بوٹی گوشت (بغیر ہڈی) اپنے اوپر سے سات (7) بار وار کر بوٹیوں کے چھوٹے ٹکڑے کر کے چھت پر رکھ دیں۔

بدھ: ایک (1) مٹھی چینی یا شکر چیونٹیوں کو ڈالیں۔ یہ جگہ عموماً قبرستان میں مل جاتی ہے۔ قبرستان قریب نہ ہو تو گھر کے قریب کسی جگہ رکھ دیں۔

جمعرات: حسبِ توفیق میٹھی روٹی (چوری) یا میٹھے چاول (گڑ والے یا زردہ) بنا کر اپنی چھت پر رکھیں۔ روٹی کو چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کر کے رکھیں۔

ان شاء اللہ، اس صدقہ کے عمل سے آپ کے حالات بہت تیزی سے بدلیں گے۔ اللہ کریم آپ پر اپنا خاص کرم فرمائیں۔ آمین

..................*.........*

سر درد

سوال میرے سر میں درد رہتا ہے۔ خاص کر بیٹھنے سے کھڑے ہونے پر ہوتا ہے۔ بخار بھی رہتا ہے۔ کبھی زیادہ ہو جاتا ہے کبھی کم۔ میں میڈیکل کی طالبہ ہوں، ڈاکٹر بن رہی ہوں۔ عجیب بات ہے کہ ادویات سے کوئی فائدہ نہیں ہو رہا۔ مجھے ڈر ہے کہ مجھ پر کوئی اثر تو نہیں ہو گیا؟ (سارہ، لاہور)

جواب آپ کے ساتھ اثرات کا معاملہ ہے مگر معمولی نوعیت کا ہے۔ اصل معاملہ آپ کے ساتھ نظرِ بد کا ہے۔ اس کے لیے یہ کریں:

بیری کے اکتالیس (41) پتے لیں اور ہر پر ایک (1) بار آیت الکرسی دم کریں۔ پھر ان کو 5 کلو پانی میں ابالیں۔ تین (3) بار ابال پر آگ بند کر دیں۔ اس پانی کے تین (3) حصہ کریں اور تین (3) دن لگاتار پاک جگہ پر غسل کریں۔

خالد مقبول حفظہ اللہ

عاملین کے مسائل اور ان کا حل

نیند بہت زیادہ آنا شروع ہوگئی ہے

سوال استاذ محترم! مجھے ایک ہفتہ سے بہت زیادہ نیند آرہی ہے۔ میں رات کو مکمل نیند چھ سے ساڑھے چھ گھنٹے کی لیتا ہوں۔ دن کو جب کام کرنے بیٹھتا ہوں تو نیند آجاتی ہے۔ مغرب کی نماز کے بعد پھر نیند آجاتی ہے۔ ایسا پہلے کبھی نہیں ہوا۔ مہربانی فرما کر رہنمائی فرمائیں۔ (ع، لاہور)

جواب آپ پر نظرِ بد کے اثرات محسوس ہو رہے ہیں۔ ''رقیہ نظر وحسد'' صبح و شام تین (3) بار ایک (1) ہفتہ پڑھیں۔ دوسرا ہفتہ صبح وشام دو (2) بار پڑھیں۔ تیسرے ہفتے سے ایک (1) بار صبح وشام کا معمول رکھیں۔

شوہر بیوی کا مسلسل لڑائی جھگڑا کرنا

سوال السلام علیکم ورحمۃ اللہ استاد جی! ایک مریض اور مریضہ ہے۔ ان دونوں کی جب سے شادی ہوئی ہے، معاملات خراب ہی ہیں۔ چھوٹی چھوٹی باتوں پر لڑائی ہوجاتی ہے اور بہت بڑھ جاتی ہے جب کہ وہ بات ایسی نہیں ہوتی کہ اتنی بڑی لڑائی ہو۔ اب تک جو علاج دیا ہے، اس سے خاطر خواہ فائدہ نظر نہیں آرہا ہے۔ تھوڑا سکون ہوتا ہے تو پھر لڑائی شروع ہوجاتی ہے۔ مہربانی فرما کر تشخیص کردیں اور تجویز بھی فرمادیں۔ (م ح، راولپنڈی)

جواب وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ! میری تشخیص میں معاملہ جادو کا ہے۔ لڑکی پر جادو کے ساتھ آسیبی اثرات بھی ہیں اور لڑکی کا نفسیاتی مسئلہ بھی ہے۔ اور ان کا گھر بھی بداثرات سے متاثر ہے۔

آپ ان دونوں پر توجہ دینے کی بجائے سب سے پہلے گھر پر توجہ دیں اور گھر پر سے جادو جنات کا خاتمہ کرنے کے اعمال کریں۔ لڑکی کا فوری طور پر نفسیاتی علاج شروع کروائیں۔

جادو اور جنات کا علاج دونوں کو دیں۔ محبت اور زبان بندی کا کوئی علاج ابھی نہ دیں۔ حصار کی پابندی کرنے کو کہیں۔ جیسے ہی جادو اور جنات کے اثرات معمولی رہ جائیں، دونوں کو ایک دوسرے کے لیے حب اور زبان بندی کا عمل دیں۔

..................*.........*

بیوی کی دین داری کے لیے

سوال حضرت! میری دوسری شادی ہوئی ہے۔ پہلی بیوی کو طلاق دے دی ہے۔ دوسری شادی بالکل غیر لوگوں میں ہوئی ہے۔ شروع میں تو پتہ نہیں چلا لیکن اب مسائل سامنے آرہے ہیں۔ بیگم کے میکے کی شادیوں میں ناچ گانا ہوتا ہے اور بیوی واضح کہتی ہے کہ ہمارے خاندان میں ایسے ہی شادیاں ہوتی ہیں اور وہ خود بھی اس ناچ گانے میں حصہ لیتی ہے جس کی مجھے بہت تکلیف ہے لیکن اس پر کسی بات کا کوئی اثر نہیں ہوتا۔ میں بہت پریشان ہوں کہ کیسے بیوی کو دین داری کی طرف لے کر آؤں؟ (پوشیدہ)

جواب محترم! شادی سے پہلے اس طرح کی باتیں پتہ کرلینی چاہئیں۔ اب تو شادی ہوگئی اور ہوئی بھی دوسری ہے۔ آپ کے بچے بھی ہیں اور اسی دوسری بیوی نے بطور والدہ ان کی دیکھ بھال کرنی ہے۔ اس لیے سختی کا راستہ نہیں اپنانا۔ فی الحال جیسے وہ کر رہی ہیں، کرنے دیں۔ آپ روزانہ ایک (1) تسبیح اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيمَ، اول وآخر دس (10) بار درود شریف پانی پر دم کرکے ان کو پلادیا کریں اور اللہ جل جلالہ سے خوب دعائیں کریں کہ ان کو ہدایت دے اور وہ یہ سب گناہوں کے کام چھوڑ دیں۔

نیز ان کا کسی بزرگ سے اصلاحی تعلق قائم کروائیں۔ اور اس پر بھی سختی نہ کریں۔ بزرگوں سے پوچھ کر ان کو اصلاحی کتب دیں، آڈیو ویڈیو بیانات سنائیں۔ بس ایک بات یاد رکھیں کہ شوہر سے بیوی کی اصلاح نہیں ہوتی اور نہ ہی بیوی کی شوہر سے ہوتی ہے۔ آپ اپنے پیر ومرشد سے اس سلسلے میں مسلسل ہدایات لیتے رہیں۔ دوبارہ عرض کر رہا ہوں کہ سختی کا معاملہ نہ فرمائیے گا۔ اللہ جل جلالہ جلد آپ کا یہ مسئلہ حل فرمائیں۔ آمین

چہل کاف سے جسمانی بیماریوں کا روحانی علاج

صوفی محمد ایاز اسلمی اویسی مدظلہ (کراچی)

دفع سکری و آنتوں اور معدے کی خشکی کیلئے

کالی سیاہی سے سرخ کاغذ پر چہل کاف لکھ کر صبح دھو کر نہار منہ مریض کو پلائیں۔

دفع سرخی چشم کیلئے

ہر نماز کے بعد ایک (1) مرتبہ چہل کاف پڑھ کر ہاتھوں پر دم کر کے آنکھوں پر مل لیا کریں۔

کمر درد کیلئے

چہل کاف لکھ کر کمر پر باندھیں۔

امراض گردہ کیلئے

نقش بدوح لکھ کر اس کے چاروں طرف چہل کاف لکھیں۔ اس نقش کو گردوں کے درمیان باندھیں۔

درد ھفت اندام

ہرن کی جھلی پر نقش مثلث آتشی چال سے لکھیں اور نیچے چہل کاف لکھ کر بائیں بازو پر باندھیں۔ ان شاء اللہ درد سے نجات حاصل ہوگی۔

دفع مرگی کیلئے

منگل کے روز بکری کے خون سے برگ پیپل پر لکھ کر مریض کے گلے پہنا دیں اور اکیس (21) روز تک سات (7) مرتبہ پانی پر دم کر کے پلائیں۔

برائے مسان

حضرت مولانا امان اللہ صاحب رحمۃ اللہ علیہ تحریر فرماتے ہیں کہ یہ نقش مسان کے لیے مجرب ہے۔ مسان والے بچہ کو گھول کر پلایا جائے اور وہ کاغذ محفوظ رکھتا جائے۔ جب چالیس (40) دن پورے ہو جائیں تو ان کو آٹے کی گولیوں میں بند کر کے دریا میں ڈال دیں۔ نقش یہ ہے:

بحق باللہ العلی العظیم

بچہ کے رونے کے لیے

حضرت مولانا امان اللہ صاحب رحمۃ اللہ علیہ تحریر فرماتے ہیں کہ اگر بچہ روتا ہو تو یہ تعویذ کعبہ کی طرف منہ کر کے لکھ کر گلے میں ڈالے۔ بچہ نہیں روئے گا، ان شاء اللہ۔ تعویذ یہ ہے:

۱۱۰ صہ ۱۱۱ صل ۸۸

بچہ کے رونے کے لیے

لکھ کر گلے میں ڈالیں۔

۷۸۶

یابدوح	یابدوح	یابدوح	یابدوح
یابدوح	یابدوح	یابدوح	یابدوح
یابدوح	یابدوح	یابدوح	یابدوح
یابدوح	یابدوح	یابدوح	یابدوح

دعاء شش قفل اور ان کے خواص

حضرت مولانا اعجاز احمد خان مدظلہٗ (کراچی)

شش قفل یہ ہیں:

قفل اول

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ۔ بِسۡمِ اللّٰہِ السَّمِیۡعِ الۡبَصِیۡرِ۔ اَلَّذِیۡ لَیۡسَ کَمِثۡلِہٖ شَیۡءٌ وَّ ھُوَ بِکُلِّ شَیۡءٍ عَلِیۡمٌ۔ بِرَحۡمَتِکَ یَا اَرۡحَمَ الرّٰحِمِیۡنَ۔ وَصَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِہٖ اَجۡمَعِیۡنَ۔

قفل دوم

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ۔ بِسۡمِ اللّٰہِ الۡخَالِقِ الۡعَلِیۡمِ۔ اَلَّذِیۡ لَیۡسَ کَمِثۡلِہٖ شَیۡءٌ وَّ ھُوَ الۡفَتَّاحُ الۡعَلِیۡمُ۔ بِرَحۡمَتِکَ یَا اَرۡحَمَ الرّٰحِمِیۡنَ۔

قفل سوم

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ۔ بِسۡمِ اللّٰہِ السَّمِیۡعِ الۡعَلِیۡمِ۔ اَلَّذِیۡ لَیۡسَ کَمِثۡلِہٖ شَیۡءٌ وَّ ھُوَ الۡغَنِیُّ الۡقَدِیۡرُ۔ بِرَحۡمَتِکَ یَا اَرۡحَمَ الرّٰحِمِیۡنَ۔

قفل چہارم

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ۔ بِسۡمِ اللّٰہِ الۡعَزِیۡزِ الۡکَرِیۡمِ۔ اَلَّذِیۡ لَیۡسَ کَمِثۡلِہٖ شَیۡءٌ وَّ ھُوَ الۡعَزِیۡزُ الۡکَرِیۡمُ۔ بِرَحۡمَتِکَ یَا اَرۡحَمَ الرّٰحِمِیۡنَ۔

قفل پنجم

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ۔ بِسۡمِ اللّٰہِ السَّمِیۡعِ الۡعَلِیۡمِ۔ اَلَّذِیۡ لَیۡسَ کَمِثۡلِہٖ شَیۡءٌ وَّ ھُوَ الۡعَلِیۡمُ الۡخَبِیۡرُ۔ بِرَحۡمَتِکَ یَا اَرۡحَمَ الرّٰحِمِیۡنَ۔

قفل ششم

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ۔ بِسۡمِ اللّٰہِ الۡعَزِیۡزِ الرَّحِیۡمِ۔ اَلَّذِیۡ لَیۡسَ کَمِثۡلِہٖ شَیۡءٌ وَّ ھُوَ الۡعَزِیۡزُ الۡغَفُوۡرُ۔ فَاللّٰہُ خَیۡرٌ حَافِظًا وَّھُوَ اَرۡحَمُ الرّٰحِمِیۡنَ۔

یہ چھ (6) قفل ہیں۔ جو شخص جمعہ کی شب ہمیشہ ان کو بعد نماز عشاء اول و آخر درود شریف نماز والا تین تین (3،3) مرتبہ اور درمیان میں مذکورہ چھ (6) قفل پڑھا کرے اور کبھی ناغہ نہ کرے، وہ ان شاء اللہ تعالیٰ ہر قسم کی دنیاوی آفات، سحر، جادو، جن بھوت کے حملوں، ہر قسم کے مالی، جانی نقصان سے محفوظ رہے گا۔ رزق میں برکت ہوگی۔ ہر کام میں رکاوٹ ختم ہوگی۔ آگ میں جلنے، پانی میں ڈوبنے اور اچانک آنے والی آفات سے محفوظ رہے گا۔

روحانی دکان کے تیار روحانی علاج

تیار روحانی علاج کے ساتھ مکمل طریقہ استعمال دیا جاتا ہے۔ مریض اور روحانی معالجین اعتماد سے منگوا کر استعمال کر سکتے ہیں۔

QI-DS01 جادو اور آسیب کا علاج — ہدیہ 2100 روپے

ہر قسم کے جادو اور جنات کا تیار روحانی علاج۔ یہ علاج خاص کر ان مریضوں کے لیے ہے، جن پر حاضری ہوتی ہے یا اس کے جسم پر بہت زیادہ اثر ہو۔ ان شاء اللہ، تین ہفتہ میں جادو اور آسیب سے نجات مل جائے گی۔

QI-DS03 کینسر کا روحانی علاج — ہدیہ 9000 روپے

ہر طرح کے کینسر کے لیے چالیس یوم پر مشتمل تیار روحانی علاج۔ ان شاء اللہ، مریض کو مکمل شفاء حاصل ہوگی یا بہت حد تک وہ کینسر کی تکلیف سے نجات پالے گا۔

QI-DS09 ہر قسم جادو، جنات، شیاطین، حادثات وغیرہ سے اپنی اور اہل و عیال کی حفاظت — ہدیہ 500 روپے

گھر کے جتنے بھی افراد ہوں، سب کے لیے خاص تعویذات اور وظائف پر مشتمل تیار روحانی علاج۔ پابندی سے اس علاج کو کرنے سے ہر قسم کے بداثرات اور حادثات سے حفاظت رہے گی۔

NI-DS02 زوجین (شوہر بیوی) میں محبت — ہدیہ 1600 روپے

شوہر بیوی کے درمیان ناچاقی، نفرت، غصہ ختم کرنے اور پیار و محبت پیدا کرنے کے لیے خاص نورانی علاج حاصل کریں۔ یہ علاج ان شوہر بیوی کے لیے مفید ہے، جو ایک ہی گھر میں رہتے ہیں۔ ان کا آمنا سامنا ہوتا رہتا ہے۔ ان شاء اللہ، مطلوبہ مقاصد حاصل ہوں گے۔

رعائت رسالے کے ممبران 10%، شاگرد 20%

بزرگانِ دین سے منسوب تعویذات

جولائی 2023 میں تعویذات پر 10% رعایت
1000 روپے تک کی خریدی پر 20% خصوصی رعایت

بزرگان دین، علمائے کرام، مشائخ عظام کے تجویز کردہ مختلف مقاصد کیلئے تیر بہدف، مجرب، زوراثر تعویذات۔ درج ذیل بزرگان دین کے تعویذات دستیاب ہیں۔ صرف بزرگوں کے نام دیں گئے ہیں۔ تعویذات کی مکمل تفصیل پی ڈی ایف میں دی گئی ہے۔

٭ شیخ العالمین استاذ العلماء والعالمین عارف باللہ استاذ محترم حضرت مولانا محمد امان اللہ نقشبندی قادری نوراللہ مرقدہ ٭ امام ربانی شاہ ولی اللہ محدث دہلوی نوراللہ مرقدہ ٭ شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی نوراللہ مرقدہ ٭ شاہ رفیع الدین نوراللہ مرقدہ (سابق مہتمم، دارالعلوم دیوبند) ٭ حاجی امداد اللہ مہاجر مکی نوراللہ مرقدہ ٭ حضرت مولانا یعقوب نانوتوی نوراللہ مرقدہ (اوّلین صدر مدرس، دارالعلوم دیوبند) ٭ حضرت مولانا رشید احمد گنگوہی نوراللہ مرقدہ ٭ حکیم الامت مجدد ملت حضرت مولانا اشرف علی تھانوی نوراللہ مرقدہ (سرخیل اعظم مسلک علماء دیوبند) ٭ ولی کامل حضرت مولانا سید اصغر حسین نوراللہ مرقدہ (سابق محدث دارالعلوم دیوبند) ٭ حضرت مولانا انور شاہ کشمیری نوراللہ مرقدہ (سابق شیخ الحدیث، دارالعلوم دیوبند) ٭ حضرت مولانا مفتی عزیز الرحمٰن نوراللہ مرقدہ (سابق مفتی اعظم دارالعلوم دیوبند) ٭ حضرت مولانا یٰسین نوراللہ مرقدہ (سابق مدرس، دارالعوم دیوبند) ٭ حضرت مولانا اعزاز علی نوراللہ مرقدہ (سابق شیخ الادب والفقہ دارالعلوم دیوبند) ٭ عارف باللہ حضرت مولانا عابد حسین نوراللہ مرقدہ (یکے از بانیان دارالعلوم دیوبند) ٭ حضرت مولانا قاری طیب نوراللہ مرقدہ (سابق مہتمم دارالعلوم دیوبند) ٭ مفتی اعظم حضرت مولانا مفتی محمد شفیع نوراللہ مرقدہ ٭ حضرت مولانا احمد رضا خان نوراللہ مرقدہ ٭ حافظ الحدیث حضرت مولانا عبداللہ درخواستی نوراللہ مرقدہ ٭ حضرت مولانا سید زوار حسین شاہ نوراللہ مرقدہ ٭ حضرت مولانا محمد ہاشم نوراللہ مرقدہ (والد محترم حضرت مولانا احسن الہاشمی رحمۃ اللہ علیہ) ٭ حضرت خواجہ شمس الدین عظیمی مدظلہ

پی ڈی ایف کے لئے لنک پر جائیں۔

https://bit.ly/3nTdnXj https://bit.ly/3MuuOrq

روحانی دکان میں دستیاب نگینوں کی وسیع ورائٹی کی تفصیل https://bit.ly/3JXhpnU

دشمن کی طرف موکل بھیجنا

خواجہ احمد دیربی رحمہ اللہ

برائے ارسالِ ہواتف

بعض خواص آیۃ الکرسی سے ارسال ہواتف کے ہیں یعنی فرشتوں اور موکلوں کو طرف دشمن ظالم کے بھیجنا۔ چنانچہ غزالیؒ سے منقول ہے کہ آیۃ الکرسی کو دوسو (۲۰۰) بار تلاوت کرے اور وہ پانچوں اسم جو درمیان آیۃ الکرسی کے مذکور ہیں "یا اللہ یا حی یا قیوم یا علی یا عظیم"...... ان کو ہر سرصدی یعنی ہر سینکڑے کے پیچھے ایک ہزار تین سو (۱۳۰۰) بار پڑھ کر عقب اس کے یہ سوال کرے:

اسئلك بنور وجهك الذی ملا ارکان عرشك بروح سیدنا محمد صلی اللہ علیه و آله وسلم ان ترسل خادم هذه الایة الشریفة لفلان ابن فلانة فی صفتی و حلیتی بشهب من سنهم وحراب من نار۔

ترجمہ: میں تجھ سے سوال کرتا ہوں بوسیلہ تیرے نور کے، جس نے تمام عرش کو احاطہ کرلیا ہے اور بواسطہ روح محمد ﷺ کے کہ تو ایک خادم یعنی موکل اس آیۃ کریمہ کے واسطے فلاں پسر فلاں کے بھیج دے کہ وہ میری صورت اور سیرت میں ہو اور اس کے پاس شعلۂ ہائے سموم یعنی سوزاں یا تیر اثر زہر دار ہوں اور اس کے ہاتھ میں حربے آتشیں ہوں۔

وبعد ازاں تو بطرف دشمن کے اشارہ کر، ساتھ کسی حربے کے یا کسی چیز سے۔ اور درود وسلام بھیج اوپر نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے۔ اور سورۂ اور یہ عمل شبِ جمعہ سے شروع کرے اور اس کی تکرار یعنی بار بار اس عمل کو کر، یہاں تک کہ مقصد حاصل ہو۔ اگر اوّل جمعہ میں حصول اجابت ہوئی تو بہتر ورنہ دوسرے جمعہ میں۔ تا آنکہ ساتویں جمعہ کے تمام ہونے تک مستجاب ہوگا، باذن اللہ تعالیٰ۔

چور معلوم کرنے کے عملیات

حاجی محمد جان نیازی

(۱) تانبے یا پیتل کا ایک (1) پیالہ لے اور کسی کو دست راست پیالہ میں مضبوطی سے رکھنے کا حکم دے۔ پھر چالیس (40) مرتبہ اللہ الصمد پڑھ کر پیالہ میں دم کرے۔ وہ پیالہ مسروقہ مال کی طرف حرکت کرے گا تو پتہ چلے گا کہ مال کہاں ہے، ان شاء اللہ۔

(۲) سرسوں کے تیل کے چراغ کی سیاہی لے کر اس کو تھوڑے سے سرسوں کے تیل میں ملا کر نابالغ بچے کی ہتھیلی دونوں پر لگادیں۔ اس کے بعد سات (7) یا نو (9) دانے ثابت ارد یا جو کے لے کر ہر دانے پر باری باری ذیل عزیمت پڑھے۔ ایک ایک (1،1) دانہ بچے کے ہاتھ پر مارے۔ ان شاء اللہ شبیہ دزد نظر آئے گی۔ عزیمت یہ ہے:

عَزَمْتُ عَلَیْکُمْ فَتَحُوْنَ فَتَحُوْنَ فَتَحُوْنَ جِئْتُكَ جِئْتُكَ جِئْتُكَ شَفِیْعًا شَفِیْعًا شَفِیْعًا عَطِیْشًا عَطِیْشًا عَطِیْشًا سُرُوْرًا سُرُوْرًا سُرُوْرًا قُدُوْرًا قُدُوْرًا قُدُوْرًا سَهْلًا سَهْلًا سَهْلًا نَهْلًا نَهْلًا نَهْلًا اُحْضُرُوْا مِنْ جَانِبِ الْمَشَارِقِ وَالْمَغَارِبِ بِحَقِّ سُلَیْمَانِ بْنِ دَاوٗدَ عَلَیْهِمَا السَّلَامُ۔

(۳) باستی چاول لے کر پہلے صاف پانی سے دھوئیں۔ پھر خشک کر کے اس پر تین (3) مرتبہ سورۂ یٰسین پوری پڑھ کر دم کریں اور رات کو پانی میں بھگو دیں۔ اگلی صبح کو ایک (1) کلمے والے روپیہ کے برابر برابر تول کر الگ رکھیں۔ اور جن لوگوں پر چوری کا شبہ ہو، ایک ایک (1،1) آدمی کو ایک ایک (1،1) حصہ کھانے کو دیں۔ چور نہیں کھا سکے گا۔ شرط صرف زکوۃ ہے۔ (کنز الحسین ۲۵/۲ پر زکوۃ دیکھیں)

نوٹ: چور معلوم کرنے کے جتنے بھی عملیات ہوتے ہیں، ان کو کرنے کے بعد جو اشارہ ملے، اس کو گمان کا درجہ دیا جائے، یقین کا درجہ نہ دیا جائے۔ اپنی مکمل تحقیق کی جائے۔ خ

مقالہ: فلسفہ عملیات و وظائف

از: پیر صوفی الشاہ محمد انور ندیم علوی قادری (حویلی لکھا)

سفلی قوت

اس اصول اور قاعدے سے ہر شخص اپنا مقصد حاصل کرسکتا ہے۔ چاہے وہ مقصد اچھا ہو یا برا ہو۔ چاہے وہ اپنی یا کسی اور کی بھلائی کے لیے ہو یا نقصان اور برائی کے لیے ہو۔ جب یہ کسی کے نقصان، کسی کی ہلاکت اور تباہی و بیماری کے لیے ناجائز طور پر کیا جاتا ہے۔ اور اسمائے الٰہی کی بجائے دیو، دیوی، جنات و شیاطین، ارواح خبیثہ وغیرہ کے نام اور منتر پڑھے جائیں اور ان سے استمداد کی جائے تو بھی فوری طور پر اثر ہوتا ہے۔ اور تصرف حاصل ہوتا ہے۔ مگر اس طریقے کو سحر جادو، اعمال سفلی، کالا علم جادوگری اور ساحری علم کے نام سے منسوب کیا جائے گا۔ جادوگر اور کالے علم کے عاملین اسی طریقہ سے کام کرتے ہیں۔ جادوگر اور ساحر شیاطین اور ارواح خبیثہ کے نام کا مخصوص تعداد میں ورد کر کے تصور اور مضبوط نقشہ قائم کر کے مذموم طریقے سے کام کرتے ہیں۔ کسی کو نقصان پہنچانے، بیمار کرنے یا ہلاک کرنے کی خاطر پہلے اس کے نقصان، بیماری اور ہلاکت کا پختہ تصور کر کے خوب نقشہ جماتے ہیں۔ پھر دشمن کے پتلے، مجسمے اور گڈے بنا کر اسی مقصد سے مختلف منتر جن کے تحت شیاطین اور ارواح خبیثہ کام کرتی ہیں، پڑھ کر اِن میں سوئیاں، سیہہ کے کانٹے وغیرہ گاڑ دیتے ہیں۔ اور جس شخص کو بیمار یا ہلاک کرنا مقصود ہو۔ اس کے تعین اور تخصیص کے لیے اس کے بال یا کپڑے کا ٹکڑا اس کی موت اور بیماری کی بددعا پھونک کر دفنا دیتے ہیں۔ تو ظاہر میں بھی اسی طرح واقع ہوجاتا ہے۔ پتلا یا مجسمہ گویا پختہ مضر اور نقصان دہ تصور کا ایک مادی نقشہ اور ظاہری ماڈل ہوتا ہے۔ لبید بن اعصم یہودی نے مدینہ منورہ میں حضور نبی کریم ﷺ پر اسی طرح کا جادو کا عمل کیا تھا۔ اور حضور ﷺ اس کے اثر سے کچھ عرصہ بیمار رہے۔ تفاسیر میں اس کی تفصیل ملتی ہے۔ سحر جادو ٹونہ، مسان، کالے علم اور تعویذات کے بداثرات ختم کرنے کے مستند طریق و عملیات پر مبنی "ردسحر حصہ اول، ردسحر حصہ دوم اور ردسحر حصہ سوم" کا مطالعہ کریں۔

خدائی قوت

دراصل سوچنا اور تصور کرنا اور ہونا ایک ہی تصویر کے دو رُخ ہیں۔ ان میں سے اگر ایک موجود ہو تو دوسرے کا وجود میں آنا اور ہونا لازمی ہے۔

آدمی کا ذہن اور شعور (دِل) فرشتوں کے جوہر کا ہم جنس ہے۔ اس لیے اسے بھی قدرت واختیار سے نوازا گیا ہے۔ اور اسی وجہ سے اجسام عالم میں سے بعض اس کے مطیع و فرماں بردار ہیں۔ اور ہر شخص کا اپنا عالم خاص اس کا جسم ہے اور جسم دِل (ذہن) کا مفتوح ہے، جسم دِل (ذہن) کے ماتحت ہے۔ لیکن بعض ذہن خصوصی طور پر افضل تر اور قوی تر ہوتے ہیں۔ اور جوہر ملکوتی سے بہت زیادہ مشابہ ہوتے ہیں۔ اور اِن میں یہ قدرت بھی ہوتی ہے کہ وہ اپنے جسم کے علاوہ دوسرے اجسام کو بھی مطیع و مسخر کر لیتے ہیں۔ مثلاً ان کے دبدبہ و ہیبت کو اگر شیر بھی دیکھ لے تو وہ ان کا غلام ہو کر رہ جائے گا۔ اگر وہ بیمار کے لیے کوشش کرے تو شفاء ہوجائے۔ اور کسی تندرست کو چاہے تو بیمار کر دے۔ اگر کسی کا تصور اپنے اندر رکھتے ہوئے چاہے کہ وہ اس کے پاس چلا آئے تو مطلوبہ شخص کے دِل میں از خود ایک تحریک سی ہونے لگتی ہے جو اسے وہاں تک لے جاتی ہے۔ اگر وہ چاہے کہ بارش ہو تو بارش ہونے لگے۔ یہ تمام باتیں عقلی دلائل کے اعتبار سے ممکن ہیں اور تجربہ سے ثابت ہیں۔ اور وہ جسے نظر لگ جانا کہتے ہیں اور جادو سے بھی موسوم کرتے ہیں۔ وہ بھی کچھ تو ہوتا ہے اور نفس انسانی (ذہن) کی تاثیر کا کرشمہ ہوتا ہے کہ دوسرے اجسام تک کو متاثر کر کے رہتا ہے مثلاً کوئی شخص حاسد ہو، وہ اگر کسی تندرست یا خوبصورت جانور کو دیکھے اور اس کی ہلاکت کا تصور کرے اور خیال باندھے تو اس جانور کی موت واقع ہوسکتی ہے۔ بلکہ دیکھا گیا ہے کہ ہوجاتی ہے۔ جیسا کہ حدیث شریف میں ہے۔ "نظر آدمی کو قبر میں اور اونٹ کو دیگ میں ڈال کر رہتی ہے۔"

پس یہ تمام باتیں وہ عجائبات قدرت واختیار میں ہیں۔ جو دِل (ذہن) میں

موجود ہیں اور یہی خاصیت جب کسی شخص میں ظہور پذیر ہو جائے تو ایسا شخص اگر داعیِ خلق ہو تو یہ خاصیت معجزہ کہلاتی ہے۔ اور اگر وہ داعی نہ ہو تو اسے کرامات کہتے ہیں۔ اور اگر اس کا ظہور کارِ خیر کے سلسلے میں ہو تو ایسے شخص کو نبی یا ولی کہیں گے اور اگر مقصد فتنہ و شر ہو تو اسے ساحر اور جادوگر کہیں گے۔

قانون چہارم

اس سلسلہ میں جدید ترین نظریہ یہ بھی ہے کہ انسانی دماغ اور انسانی ذہن و شعور ایک بہت عظیم اور حیرت انگیز عجوبہ ہے۔ انسانی ذہن و شعور کی عجوبہ کاریوں اور لامحدود مادی و رُوحانی قوتوں اور توانائیوں کا آج کوئی احاطہ اور محاصرہ نہیں کر سکا۔ اسی کے اندر سب کچھ موجود اور مخفی و پوشیدہ ہے۔ انسانی دماغ کے گوشوں اور تحت و شعور کے تہہ خانوں میں دنیا کا وہ کون سا علم ہے جو موجود نہیں۔ یہ اور بات ہے کہ ہم کو اَب تک اس کا پتہ نہیں چل سکا۔

حسن کا گنج گراں مایہ تجھے مل جاتا
تو نے فرہاد نہ کھودا کبھی ویرانۂ دِل

جب تک نفس انسانی کا غرفہ پورے طور پر نہیں کھلتا۔ ہم اپنے علم اور اپنی ذات کو محدود سمجھتے ہیں۔ لیکن جب غرفہ نفس پورے طور پر کھل جاتا ہے اور غنچہ انسانیت کھل کر گل شاداب بن جاتا ہے تو اس کی خوشبو آفاق کا محاصرہ کر لیتی ہے۔ اور ہمیں معلوم ہوتا ہے کہ یہ تمام کائنات ہمارے نفس کے اندر سانس لے رہی ہے۔ اور یہ پورا نظام شمسی ہمارے کاسہ سر کا طواف کر رہا ہے۔ انسانی دماغ کے اندر تقریباً دو ارب خود کار خلئے Cells کام کرتے ہیں۔ اور ان کا تعلق ہزاروں خارجی اور داخلی قویٰ اور افعال و حرکات اور احساسات و ادراک سے ہے۔ دماغ اٹھائیس (28) عصبی جوڑوں کا ایک ایسا آلہ ہے جو اپنا توازن خود برقرار رکھتا ہے۔ یہ ایک ایسا الیکٹرو کیمیکل پلانٹ ہے جو باسٹھ ہزار (62،000) میل لمبے عصبی ریشوں میں توانائی کی کثیر مقداریں پمپ کرتا ہے۔ دماغ کے کروڑوں وارننگ سگنل اور کروڑوں ذرائع مواصلات ہیں۔ دماغ ایک ایسے ٹیلی فون نظام کی حیثیت رکھتا ہے جو ستر، اسی (70،80) سال تک کسی اوور ہالنگ کے بغیر کام کر سکتا ہے۔ یہ دوربین کا کام بھی کرتا ہے۔ اور خوردبین کا بھی۔ اس کے محافظ خانوں میں کائنات کے ہر علم و حکمت کا ریکارڈ محفوظ ہے۔ یہ سب کچھ ہے۔ یہ مرکزِ حکومت ہے، پارلیمنٹ ہے۔ عدالت عالیہ ہے۔ تجارت گاہ ہے۔ عبادت خانہ ہے۔ رصد گاہ ہے۔ فنون لطیفہ کی نمائش گاہ ہے۔ آرٹ گیلری ہے۔ کتب خانہ ہے۔

انسانی دماغ کیا کیا نہیں ہے؟ یہ فلسفی ہے۔ مفکر ہے۔ نجومی ہے۔ عامل و جفار ہے۔ مہندس ہے۔ مورخ ہے، شاعر ہے، ادیب ہے۔ سائنس دان ہے، کاہن ہے۔ جادوگر اور ساحر ہے۔ صنعت کار ہے، تاجر ہے۔ سیاستدان ہے۔ معالج ہے، مریض ہے۔ حاکم ہے، محکوم ہے۔ مُلّا ہے، صوفی ہے، ولی ہے۔ پیر ہے، پیغمبر ہے۔ کافر ہے، ملحد ہے۔ خدا پرست ہے، خود پرست ہے۔ عقلیت پسند ہے۔ اوہام پرست ہے صانع، موجد احمق اور منطقی ہے۔ شیطان ہے، فرشتہ ہے۔ اہرمن ہے، یزداں ہے۔ اناالحق ہے۔ غرض کہاں تک انسانی دماغ کے امکانات کے بارے میں گفتگو کی جائے۔ انسانی دماغ سب کچھ ہے۔ ازل ہے، ابد ہے۔ امروز ہے دیروز ہے۔ فردا ہے۔ جام جہاں نما ہے، آئینہ سکندری ہے۔ اور دماغ سے مطلب ہے انسانی ذہن و شعور۔ آدمی اگر صحیح طریقے سے کوشش اور جدوجہد کرے اور مطلوبہ مشق و ریاضت کرے تو وہ اس عظیم خزانے اور لامحدود گنجینہ سے کائنات کی ہر شئے حاصل کر سکتا ہے۔ ذہن کی دنیا اور شعور کی کائنات کی وسعتوں اور پہنائیوں کا اندازہ لگانا ناممکنات میں سے ہے۔ اس میں مادی دنیا اور مادی کائنات کی طرح کی ہزاروں دنیائیں اور لاکھوں کائنات موجود ہیں۔ اور صحیح طریقے اور سلیقے سے اس میں سے سب کچھ حاصل کیا جا سکتا ہے۔ اور وہ طریقہ ہے من کی دنیا میں ڈوب جانے کے خیال کی مرکوزیت کا۔ تصور کے اجتماع اور ارتکاز کا۔ یکسوئی اور یک جہتی کا۔ اور عملیات اور اوراد و وظائف، چلہ کشی اور تصورات سے یہ مقصد حاصل ہو جاتا ہے۔ اور اسی کے ذریعہ اگر آدمی چاہے تو باطنی اور رُوحانی دنیا اور اس کے مکینوں اور باسیوں یعنی فرشتوں، ارواحِ اولیاء کرام، جنات و موکلات سے رابطہ قائم کر کے ان سے ہر نوع کے کام لے سکتا ہے۔ ان کو تابع، زیر فرمان اور خادم و غلام بنا سکتا ہے۔ ذہن کے ماورائی حصے میں سب کچھ موجود ہے۔ ماضی، حال اور مستقبل، ذہن کے ماورائی حصے کو شعورِ برتر کہتے ہیں۔ شعورِ برتر زمان اور

مکان کی حدود سے بلند تر ہے۔ یہ بھی کہا جاتا ہے کہ وظائف واوراد اور چلہ کشی و گوشہ نشینی سے یکسوئی ارتکاز توجہ اور ارتکاز خیال و تصور مقصود ہوتا ہے۔ اور جب یہ ارتکازِ تصور اپنے نقطہ عروج کو پہنچتا ہے تو جس مقصد کے لیے یہ کام شروع کیا جاتا ہے اور اس کے ساتھ خود ترغیبی بھی شامل ہو جاتی ہے۔ تو خیال اور تصور ان غیبی چیزوں مثلاً فرشتوں، ارواح اولیاء، جنات، موکلات اور ہمزاد وغیرہ کی تشکیل کر دیتا ہے۔ اور ان سے گفتگو اور کلام کی نوبت بھی آ جاتی ہے۔ اور اسی خود ترغیبی اور ارتکاز توجہ و تصور کے باعث ذہن غیر معمولی تیزی سے کام کرنے لگ جاتا ہے۔ نگاہوں کو ان دیکھے مناظر نظر آتے ہیں۔ کانوں میں انجانی آوازیں گونجنے لگتی ہیں۔ دماغ نامعلوم خوشبوؤں سے معطر ہو جاتا ہے۔

قانون پنجم

یہ نظریہ بھی پیش کیا جاتا ہے کہ انسان اور خصوصاً انسانی ذہن و شعور پر رُوح کی حکمرانی ہے۔ اور رُوح اس رُوحِ کل سے وابستہ اور اس کا حصہ اور جزو ہے جو ازلی، ابدی، خالق و مالک، خبیر و علیم اور قدر و بصیر ہے۔ جب آدمی ذہن و شعور کی کائنات میں داخل ہو کر اس رُوحِ کل سے رابطہ اور علاقہ قائم کر لیتا ہے تو اسے سب کچھ حاصل ہو جاتا ہے۔ یہ بھی کہا جاتا ہے کہ صرف ارتکازِ توجہ اور خیال کی یکسوئی کا حصول مقصود ہوتا ہے۔ اور اسی سے ہی کامیابی کا گوہر آبدار حاصل ہوتا ہے۔ ارتکازِ توجہ سے رُوح اور شعور کی وہ لامحدود قوتیں بیدار ہوتی ہیں جو پہلے سے اس کے اندر مستور اور پوشیدہ ہوتی ہیں۔ یہ مقصد یکسوئی، خلوت، تنہائی اور گوشہ نشینی سے حاصل ہو جاتا ہے چاہے کچھ پڑھا جائے یا نہ پڑھا جائے۔ یا کچھ بھی پڑھا جائے۔ اور کسی بھی زبان سے پڑھا جائے۔ اور ان پڑھے جانے والے کلمات کا تعلق خواہ کسی بھی مذہب سے ہو۔ کسی بھی کتاب سے ہو یا کلمات چاہے، کسی کے بھی مرتب، تالیف و تصنیف کردہ ہوں۔ اس سے کچھ فرق نہیں پڑتا۔ بعض یہ بھی کہتے ہیں کہ پڑھنے والا خواہ کسی بھی مذہب، فرقے اور مسلک سے تعلق رکھتا ہو۔ ان اصولوں پر عمل کر کے اور اس نصاب کو پورا کر کے وہ ان کمالات کو حاصل کر سکتا ہے۔ دنیا کے ہر علم اور فن و ہنر کا یہی حال ہے۔ ان کے حصول کے لیے مطلوبہ قابلیت، استعداد اور وقت و مشق کی ضرورت ہوتی ہے۔ اور مقررہ اور متعین نصاب اور کورس کو پڑھنا پڑتا ہے۔ اور اسی سے وہ علم اور فن حاصل ہو جاتا ہے۔

قانون ششم

ایک خیال یہ بھی ہے کہ ارتکازِ توجہ اور یکسوئی جب اس نقطہ عروج تک پہنچتی ہے، جب رُوح اور شعور کا تعلق اور رابطہ اپنے اس اصل، مبداء اور معدن و مخزن سے قائم ہو جاتا ہے، جسے روحِ کل اور عقلِ کل کہا جاتا ہے۔ اور جو علم و خبر اور قوت، قدرت، جبروت اور رابطے سے رُوح اور شعور میں علم و خبر اور قوت و قدرت کی وہ تمام صلاحیتیں اجاگر ہوتی ہیں۔ جو اس محیطِ کل اور ہمہ دان مرکز میں موجود ہیں۔ صرف رابطہ اور تعلق پیدا کرنے کی دیر ہوتی ہے۔ جس طرح بجلی کے کنکشن یعنی رابطے سے قوت و حرکت اور روشنی پاور ہاؤس سے حاصل ہوتی ہے۔ یا ریڈیو اور ٹی وی رابطے کے ذریعے آواز اور تصویر حاصل کر لیتا ہے۔ یہی عالم رُوح اور شعور کا ہوتا ہے۔ ارتکازِ توجہ اور یکسوئی کا واحد مقصد یہی ہے کہ روحِ کل سے تعلق اور رابطہ قائم ہو جائے اور یہ رابطہ تب ہی قائم ہوتا ہے جب آدمی کچھ وقت کے لیے مادی دنیا سے رابطہ منقطع کر لے۔ اوراد، وظائف، مراقبہ، چلوں اور اعتکاف کے ذریعے رُوحانی قوت، باطنی بصیرت اور تسخیر قلوب کا حصول صرف اس وقت ممکن ہوتا ہے۔ جب اس عظیم مرکزِ علم و قوت کے ساتھ رابطہ قائم ہو جائے۔ اور اس کے لیے اس علم کے ماہرین نے جو طریقے اور قوانین مرتب کئے ہیں اور جو تعداد اور وقت مقرر کیا ہے اس کے مطابق عمل کرنے سے ہی کامیابی حاصل ہوتی ہے۔ انسانی رُوح اور اس روحِ کُل میں جو بُعد اور افتراق ہے وہ مادی اور زمانی و مکانی نہیں بلکہ معنوی، شعوری اور رُوحانی ہے جو ارتکازِ توجہ اور یکسوئی کے ذریعہ ختم ہو کر اتصال اور اتحاد میں بدل جاتا ہے۔ اور جب اتصال اور اتحاد کی صورت پیدا ہوتی ہے تو مقصد حاصل ہو جاتا ہے۔ اور انسان عظیم و لازوال قوتوں کا مالک بن جاتا ہے۔

صحت برقرار رکھنے کے گر

حکیم محمد شعیب

دنیا بھر میں جہاں خالق کائنات کی اور بہت سی نعمتوں کی ناشکری کی جاتی ہے وہاں صحت بھی ایسی ہی ایک نعمت ہے۔ اللہ تعالیٰ نے انسان کو جسم کی صورت میں ایک ایسی مشینری عطا فرمائی ہے، جو دنیا کے اندر پائی جانے والی تمام مشینوں سے پیچیدہ لیکن افعال و کارکردگی کے لحاظ سے بہترین ہے۔

ایک موجد اپنی تخلیق کردہ ایجاد کے بارے میں بہتر جانتا ہے کہ میں نے اپنی اس تخلیق میں کون کون سے پرزے کس کس جگہ لگائے ہیں، نیز وہ یہ بھی جانتا ہے کہ اس تخلیق پر کون کون سی چیز اثر انداز ہو کر اسے خراب کر سکتی ہے اور وہ یہ بھی جانتا ہے کہ خرابی کی صورت میں اسے ٹھیک کرنے کے لئے کیا اقدامات کرنے ہیں۔ چونکہ انسانی مشینری کے خالق اللہ تعالیٰ ہیں، لہٰذا ہم یہ بات کہنے میں حق بجانب ہیں کہ اس مشینری کے بارے میں وہی ذات اقدس بہتر طور پر جانتی ہے۔ چنانچہ اس کے استعمال کے متعلق انہوں نے جو اصول و قواعد نافذ کئے ہیں۔ ان پر عمل پیرا ہو کر ہم اللہ تعالیٰ کی اس تخلیق کردہ مشین سے بہتر طور پر استفادہ کر سکتے ہیں۔ آیئے ان اصول و قوانین کو جانتے ہیں:

سونے اور جاگنے کے قواعد

رات کو جلد سونا اور صبح کو منہ اندھیرے جاگنا صحت کو برقرار رکھنے کے لئے ایک بہترین عمل ہے۔ ہمارے پیارے نبی کریم ﷺ نے ہمیں عشاء کی نماز کے بعد جلد سونے کی تلقین کی ہے، اسی صورت میں ہی فجر کی نماز بروقت ادا کی جا سکتی ہے۔ جدید ریسرچ سے یہ بات ثابت ہو چکی ہے کہ جو لوگ رات کو جلد سونے اور صبح کو جلد اٹھنے کے اصول پر عمل پیرا ہوتے ہیں ان کے اجسام کے اندر امراض سے مزاحمت کی استعداد بہ نسبت رات کو دیر سے سونے اور صبح دیر سے اٹھنے والوں کے بہت زیادہ ہوتی ہے۔ ہمارا المیہ یہ ہے کہ ہم سائنسی تحقیقات کو بڑے غور اور شوق سے پڑھتے اور ان پر یقین رکھتے ہیں۔ اس میں کوئی حرج والی بات بھی نہیں ہے لیکن اپنے وجود کے خالق اللہ تعالیٰ اور ان کے رسول ﷺ کے چودہ صدیاں (14) پہلے بتائے ہوئے قواعد و ضوابط پر ہمارا دھیان نہیں اور نہ ہم انہیں شوق سے پڑھتے ہیں۔ آج ہم ہر چیز کو دنیا کے معیار اور سائنسی اصولوں کے مطابق دیکھنے اور پرکھنے کے عادی ہیں لیکن اللہ اور رسول اللہ ﷺ کی بات پر کان دھرنے کے لئے تیار نہیں۔ بحیثیت قوم ہماری بدنصیبی اور تنزلی کی سب سے بڑی وجہ یہی ہے۔ آج ہمارے معاشرے کے اندر رات کو دیر سے سونا اور صبح سورج نکلنے کے بعد جاگنا عام ہے لیکن ہمیں یہ احساس نہیں کہ ہم یہ کام کرکے وقت بھی برباد کر رہے ہیں اور اپنی صحت بھی، رات کو دیر سے سونے اور صبح طلوع آفتاب کے بعد جاگنے سے انسانی وجود کو جو خطرات اور امراض لاحق ہونے کا خدشہ ہے ان کو ایک مضمون کے اندر احاطہ تحریر میں لانا مشکل ہے۔ اس بے قاعدگی سے ڈپریشن، نفسیاتی مسائل، ضعف معدہ و جگر، سوء ہضم، دماغی امراض، سستی و کاہلی اور نقاہت وغیرہ جیسے عوارضات لاحق ہوتے ہیں۔ اس کے برعکس جو لوگ اس بے قاعدگی سے بچتے ہیں، صبح کو جلد جاگنے اور رات کو جلد سونے کو معمول بناتے ہیں، ان کے اندر مذکورہ امراض شاذ و نادر ہی وجود پذیر ہوتے ہیں۔

جسم کی صفائی

پیارے پیغمبر حضرت محمد ﷺ کی حدیث مبارک ہے کہ "صفائی نصف ایمان ہے"۔ تجربات شاہد ہیں کہ جو لوگ اپنے جسم و لباس اور اپنے گھر و ماحول کی صفائی رکھتے ہیں وہ زیادہ صحت مند رہنے کے ساتھ ساتھ امراض سے بچے رہنے کی اہلیت بھی رکھتے ہیں بہ نسبت ان لوگوں کے جو صفائی پسند نہیں ہوتے۔ صفائی کا بہترین اصول ہمیں ہمارا پیارا دین بڑے ہی احسن انداز میں عطا کرتا ہے اور وہ یہ ہے روزانہ پانچ (5) وقت نماز کی ادائیگی سے قبل وضو کی لازمی شرط کی تکمیل، جو شخص پانچ (5) وقت اپنے ہاتھوں، بازوؤں، چہرہ، منہ اور پاؤں کو دھوتا اور سر کا مسح کرتا ہے تو ظاہر ہے ایسا شخص جراثیم، گرد و غبار، ماحول کے اثرات اور گندگی سے محفوظ رہتا ہے۔ ایسے شخص کے اندر

قدرتی طور پر امراض کے خلاف زبردست مدافعت پیدا ہو جاتی ہے۔

کھانے پینے کے قواعد

پیٹ کی آگ بجھانے کے لئے ہر انسان دن رات تگ و دو کرتا ہے اور کھانا پینا زندہ رہنے کے لئے ناگزیر بھی ہے لیکن آج ہم نے اپنی زندگی کا مقصد کھانا پینا، سونا، کھیل کود اور مال اکٹھا کرنا بنالیا ہے۔ آج آپ کو اپنے اردگرد چند لوگ ہی ایسے ملیں گے جو کھانے پینے میں اعتدال کی راہ اپناتے ہوں، وگرنہ کیا بڑے، کیا چھوٹے ہر ایک کھانے پینے کے معاملے میں انتہائی بے اعتدالی کا شکار ہے۔ ہمارے دین نے اس ضمن میں ہماری بڑی واضح راہنمائی فرمائی ہے۔ پیارے پیغمبر حضرت محمد ﷺ کا فرمان ہے:

''سب سے بُرا برتن جو انسان بھرتا ہے وہ اس کا پیٹ ہے۔''

آج بیسیوں فاسٹ فوڈز ہمارے ناشتے کا حصہ ہیں اور بے شمار کولڈ ڈرنکس ہمارے دسترخوان کو سجاتے ہیں۔ بازاروں اور ہوٹلوں کے چٹ پٹے اور تیز مصالحہ جات سے بھرپور کھانے ہماری زندگی کا لازمی حصہ بن چکے ہیں جو لازمی طور پر ہماری صحت کے لئے ناقابل تلافی نقصان کے ذمہ دار ہیں۔ المیہ یہ ہے کہ آج ماحول ایسا بن چکا ہے کہ سادہ اور تازہ غذا کو ہم پسند نہیں کرتے۔ ڈبوں، پیکٹوں میں دستیاب اشیاء کو ہم پسندیدگی کی نظر سے دیکھتے ہیں اور بے دھڑک انہیں خرید کر استعمال کرتے ہیں۔ دوسرا پہلو یہ کہ اگر ہم کھانے لگ جائیں تو اس قدر پیٹ بھر کر کھاتے ہیں کہ پانی اور سانس کے لئے بھی گنجائش چھوڑنا مناسب نہیں سمجھتے۔ اس کے بعد بھی ابھی غذا پوری طرح ہضم نہیں ہوئی ہوتی اگر کوئی چیز میسر آجائے یا بازار آتے جاتے کوئی چیز پسند آجائے تو اسے بھی پیٹ کے اندر زبردستی ٹھونسنے کی کوشش کرتے ہیں۔ نتیجے کے طور پر ہمیں ایسے خطرناک امراض سے واسطہ پڑتا ہے کہ پھر سالوں ڈاکٹروں و حکیموں کے پیچھے بھاگتے پھرتے ہیں لیکن پھر بھی پُرخوری سے اجتناب برتنے کے لئے تیار نہیں ہوتے۔ ہمارے دین نے یہاں پر بھی ہماری بہترین انداز میں راہنمائی فرمائی ہے۔ پیارے پیغمبر ﷺ کا فرمان ہے: ''انسان کو چاہیے کہ وہ ایک حصہ کھانا کھائے، ایک (1) حصہ پانی کے لئے اور ایک (1) حصہ سانس کے لئے چھوڑ دے۔''

جو لوگ اسلام کے اس سنہری اصول پر ہمیشہ کاربند رہتے ہیں۔ ان کے بیمار ہونے کے امکانات بہت کم ہوتے ہیں۔

سیر و تفریح

ہمارے معاشرے میں 10 فیصد افراد بھی ایسے نہیں ہیں کہ جو اپنی صحت و تندرستی کو برقرار رکھنے کے لئے تھوڑا وقت سیر و تفریح میں صرف کر سکیں۔ مشاہدے کی بات ہے کہ جو لوگ صبح و شام اپنی مصروفیات میں سے تھوڑا سا وقت نکال کر کسی پارک، باغ یا ہیلتھ کلبوں میں جاتے اور چہل قدمی، ورزش یا کسی کھیل کود میں حصہ لیتے ہیں، ان کے اجسام دوسرے لوگوں کی نسبت مضبوط، توانا اور صحت مند ہوتے ہیں۔ ایسے لوگوں کے اندر قدرتی طور پر امراض کے خلاف قوت مدافعت بڑھ جاتی ہے جس کی وجہ سے ایسے افراد بہت کم بیماری کا شکار ہوتے ہیں اور جو لوگ سیر و تفریح کو اہمیت نہیں دیتے ان کے جسم کمزور، سوچ انحطاط پذیر اور قویٰ مضمحل ہوتے ہیں۔ ایسے لوگوں کے اندر امراض کے خلاف قوت مدافعت بہت کم ہوتی ہے جس کی وجہ سے ایسے افراد قدم قدم آسانی سے بیماریوں کا شکار ہو جاتے ہیں۔

عبادات سے صحت

ہر مسلمان مرد و عورت پر اللہ تعالیٰ نے ایک دن میں پانچ (5) وقت کی نماز فرض کی ہے اور بارہ ماہ میں سے صرف ایک ماہ کے روزے مسلمانوں پر فرض کئے ہیں۔ جو لوگ پانچ وقت نماز ادا کرتے ہیں اور رمضان المبارک کے روزے رکھتے ہیں ان کے ساتھ اللہ تعالیٰ کی تائید و نصرت شامل ہونے کے ساتھ ساتھ ان کی صحت و تندرستی بھی قائم اور بحال رہتی ہے۔ ایک مسلمان ہر روز پانچ (5) وقت وضو کرتا ہے جس سے اس کے جسم کے گناہ جھڑنے کے ساتھ ساتھ جراثیم اور بیماریوں کے اثرات بھی ختم ہوتے رہتے ہیں اور صحت و تندرستی بھی حاصل ہوتی ہے۔ اسی طرح رمضان المبارک کے روزے اجر و ثواب کے علاوہ ہمارے جسم کے اندر پیدا ہونے والے غیر ضروری اور اضافی مادوں اور رطوبات کو خارج کرنے کا کام بھی سرانجام دیتے ہیں۔ انسانی جسم کے اندر پیدا ہونے والے اور پلنے بڑھنے والے

مختلف اور خطرناک جراثیم روزوں کی وجہ سے کمزور ہو کر ختم ہونا شروع ہو جاتے ہیں۔لہٰذا عبادات ہماری صحت کے لئے ضروری ہی نہیں انتہائی ناگزیر ہیں اور عبادات کے بغیر انسان کا بیماریوں سے بچ نکلنا ناممکن ہے۔جو لوگ عبادات سے جی چراتے اور ان سے روگردانی کرتے ہیں، ان کی زندگیاں طرح طرح کے مصائب و آلام کا شکار رہنے کے ساتھ ساتھ ان کے اجسام قدم قدم پر مختلف امراض کا شکار رہتے ہیں۔دنیا میں بھی ایسے لوگوں کے لئے حسرت و یاس اور آخرت میں بھی ناکامی مقدر ٹھہرتی ہے۔

وقت کی پابندی

صحت مند رہنے کے لئے وقت کی پابندی بھی لازمی ہے۔ہر معاملے میں وقت کی پابندی ہماری کامیابی اور صحت کی ضامن ہے۔ہمیں سونے جاگنے، کھانے پینے، کام کاج اور عبادات و معاملات غرض کہ زندگی کے ہر شعبہ میں وقت کی پابندی لازمی کرنا پڑتی ہے۔ہر کام وقت پر کرنے والے لوگ ترقی کر کے بام عروج کی منازل طے کر لیتے ہیں۔پابندی وقت اور اچھی صحت لازم و ملزوم ہیں کیونکہ جو لوگ کھانے پینے، سونے جاگنے اور عبادات و معاملات میں وقت کی پابندی کو ملحوظ خاطر نہیں رکھتے ایسے لوگ نہ تو صحت کے اعتبار سے قابل رشک ہوتے ہیں اور نہ ہی وہ دنیا کے اندر کامیابی حاصل کر پاتے ہیں بلکہ صحت اور وقت کو برباد کر کے خائب و خاسر رہتے ہیں۔یہ زندگی ایک بار ملنی ہے، بار بار یہ موقع نصیب نہیں ہو گا لہٰذا باشعور لوگ اپنی اصلاح کر کے اپنے جسم کو تندرست رکھ کر دنیا و آخرت کی کامیابی حاصل کر سکتے ہیں۔

مختلف طریقوں سے روحانی تشخیص کرنا سیکھیں

آج کے دور میں ایک طرف تو جنات، شیاطین اور جادو کے اثرات بہت تیزی سے پھیل رہے ہیں تو دوسری طرف غلط قسم کے عاملین اور روحانی معالجین بھی تیزی سے پھیل رہے ہیں۔مریضوں اور سائلین کو غلط تشخیص بلکہ جھوٹی تشخیص کر کے ڈراتے ہیں اور ان سے پیسے بٹورتے ہیں۔اور بھی بے شمار غلط کام کرواتے ہیں۔

صحیح علاج کے لئے صحیح تشخیص ہونا نہایت ضروری ہے۔غلط تشخیص سے معالج آغاز سے ہی غلط طرف چل پڑتا ہے۔اسی طرح ہر گھر میں ایک (1) فرد ایسا ضرور ہونا چاہئے جس کو روحانی تشخیص کرنا کسی نہ کسی درجے میں آتی ہو تاکہ بوقتِ ضرورت وہ تشخیص کر کے فیصلہ کر سکے کہ مریض کو روحانی معالج کی ضرورت ہے یا جسمانی معالج کی۔اور فراڈ اور غلط قسم کے عاملوں سے خود، اپنے گھر والوں اور دوسروں کو بھی بچا سکے۔

اسی ضرورت کے تحت دار العمل چشتیہ کی روحانی درسگاہ نے علم التشخیص کا ابتدائی کورس مرتب کیا ہے۔اس کورس کو کرنے کے بعد ایک (1) عام آدمی بھی اس قابل ہو جاتا ہے کہ وہ مختلف طریقوں سے مریض کی روحانی تشخیص کر کے باآسانی بتا سکتا ہے کہ مسئلہ جسمانی ہے یا روحانی۔

یہ کورس ہر کوئی سیکھ سکتا ہے۔بہت سے عاملین تشخیص کے فن سے ناواقف ہوتے ہیں۔ان کے لئے یہ کورس بہت مفید ہے۔اس میں کئی طرح کے اعمال کی زکوٰۃ نکلوائی جاتی ہے۔کورس کی فیس **3000** روپے ہے۔مدت دو (2) سے تین (3) ماہ ہے۔جو افراد پہلے سے عملیات سے منسلک ہیں یا چلہ کشی نہیں کر سکتے، وقت نہیں ہے، وہ خاص اجازت لے کر سیکھ سکتے ہیں۔ان کے لئے فیس **6000** روپے ہے۔

روحانی درسگاہ دار العمل چشتیہ لاہور پاکستان
0309-7772775
0333-7772775 042-35410586
darulamal.org/ruhanidarsgah ruhanidarsgah@gmail.com
ruhanidarsgah ruhanidarsgah97 ruhanidarsgah

بقیہ (ص 16): آیت الکرسی کا کثیر الفوائد تعویذ

آسیب وجنات وغیرہ سبھی دفع ہوجائیں گے۔

یہ بات واضح رہے کہ جو شخص اس نقش کو بغیر وضو کے لکھے گا یا کتابت کرے گا، وہ اللہ کے حکم سے کسی موذی مرض میں مبتلا ہوجائے گا۔ لہٰذا اس نقش کو جب بھی کسی بھی کام کیلئے تحریر کرنے کا ارادہ ہو تو مذکورہ انداز سے لکھا جائے اور پورے اہتمام کے ساتھ لکھا جائے اور اگر صرف نقل کرنا مقصود ہو تو بھی وضو کرلیا جائے ورنہ نقصان کا اندیشہ ہے۔

اس نقش کو استعمال کرنے کے بعد ہر جمعرات کو ڈبیا سمیت عود وعنبر یا لوبان کی دھونی دینی چاہیے۔ ایسا کرنے سے اس نقش کے فیوض وبرکات اور اس کے اثرات ان شاء اللہ محفوظ رہیں گے اور کسی بشری کمزوری یا بد احتیاطی کی وجہ سے اس نقش کے اثرات باطل نہیں ہونے پائیں گے۔ بعض بزرگوں نے فرمایا ہے کہ ہر جمعرات کو دھونی دینے کے ساتھ ساتھ اس نقش پر گیارہ (11) مرتبہ آیت الکرسی پڑھ کر، اول وآخر ایک ایک (1،1) مرتبہ درود شریف شامل کرکے نقش پر ڈبیا سمیت ہی دم کردینا چاہیے۔ (لکھتے وقت زیر زبر لگانے کی ضرورت نہیں)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم							
یعلم ما بین ایدیھم	الا باذنہ	من ذا الذی یشفع عندہ	وما فی الارض	لہ ما فی السموات	لا تاخذہ سنۃ ولا نوم	الحی القیوم	اللہ لا الہ الا ھو
وما خلفھم	یعلم ما بین ایدیھم	الا باذنہ	من ذا الذی یشفع عندہ	وما فی الارض	لہ ما فی السموات	لا تاخذہ سنۃ ولا نوم	الحی القیوم
ولا یحیطون بشیء من علمہ	وما خلفھم	یعلم ما بین ایدیھم	الا باذنہ	من ذا الذی یشفع عندہ	وما فی الارض	لہ ما فی السموات	لا تاخذہ سنۃ ولا نوم
الا بما شاء وسع کرسیہ	ولا یحیطون بشیء من علمہ	وما خلفھم	یعلم ما بین ایدیھم	الا باذنہ	من ذا الذی یشفع عندہ	وما فی الارض	لہ ما فی السموات
السموات والارض	الا بما شاء وسع کرسیہ	ولا یحیطون بشیء من علمہ	وما خلفھم	یعلم ما بین ایدیھم	الا باذنہ	من ذا الذی یشفع عندہ	وما فی الارض
ولا یؤدہ حفظھما	السموات والارض	الا بما شاء وسع کرسیہ	ولا یحیطون بشیء من علمہ	وما خلفھم	یعلم ما بین ایدیھم	الا باذنہ	من ذا الذی یشفع عندہ
وھو العلی	ولا یؤدہ حفظھما	السموات والارض	الا بما شاء وسع کرسیہ	ولا یحیطون بشیء من علمہ	وما خلفھم	یعلم ما بین ایدیھم	الا باذنہ
العظیم	وھو العلی	ولا یؤدہ حفظھما	السموات والارض	الا بما شاء وسع کرسیہ	ولا یحیطون بشیء من علمہ	وما خلفھم	یعلم ما بین ایدیھم

نوٹ: جو لوگ شرفِ مشتری میں نہ لکھ سکیں، وہ شرفِ قمر میں لکھ لیں۔ خ

بقیہ (ص 7): سلسلۂ نقشبندیہ

2۔ وقوفِ زمانی (سالک واقف نفس رہے/ پاس انفاس کو ملحوظ رکھے، ہر وقت اپنے حال سے واقف رہے)۔

3۔ وقوفِ قلبی (ذکر کے وقت دل حق تعالیٰ سے واقف وآگاہ رہے، ذکر کے معنیٰ ومفہوم سے غافل نہ ہو)۔

4۔ ہوش دردم (سالک کا ہر سانس حضور وآگاہی سے ہو نہ کہ غفلت سے)۔

5۔ نظر برقدم (چلتے وقت سالک کی نظر اپنے پاؤں کی پشت پر رکھے تاکہ راہ چلتے ادھر ادھر نہ دیکھے)۔

6۔ سفر در وطن (سیر در انفس)۔ (مراد صفات ذمیمہ سے صفات حمیدہ کی طرف انتقال کرنا ہے۔ دوسرے سلاسل میں سلوک کو سیر آفاقی سے شروع کرتے ہیں اور سیر انفسی پہ ختم کرتے ہیں)۔

7۔ خلوت در انجمن۔ (ظاہر میں خلائق کے ساتھ، باطن میں حق کے ساتھ)۔

8۔ یاد کرد۔ (ہر وقت ذکر میں مشغول رہے خواہ قلبی ہو یا زبانی)۔

9۔ بازگشت۔ (ذاکر جب کلمۂ توحید کا ذکر کرے تو دل سے کرے، زبانِ دل سے کہے: خدایا مقصود میرا تو ہے اور تیری رضا)۔

10 نگاہ داشت۔ (قلب کو خطرات وحدیث نفس سے نگاہ رکھا جائے)۔

11۔ یادداشت۔ (دوام آگاہی بحق سبحانہ۔ اپنے وجود کا ہوش نہ رہے)۔

ان سے میں سے ہر ایک کلمہ کی تشریح کے لئے ایک دفتر درکار ہے۔ مگر اختصار سے کام لیا ہے۔ ربنا تقبل ھذا۔

حضرت سلیمان علیہ السلام کے زمانہ کے قدیم طلسمات کا عظیم مجموعہ، جسے اردو زبان مین آپ پہلی مرتبہ پڑھ رہے ہیں۔ یہ عظیم خفی رازوں کی ایک عظیم ترین کتاب ہے۔ جس میں ملائکہ سماوی اور ارضی سے معاونت کے مستند ترین اعمال درج کیے گئے ہیں۔ اس کتاب میں وہ اعمال اور طلسمات درج کئے گئے ہیں جن سے حضرت عیسیٰ علیہ السلام اور حضرت سلیمان علیہ السلام نے عجیب وغریب کام لیے۔ حضرت آصف بن برخیا سے روایت کردہ طلسمات بھی شامل ہیں اور ایسے اسماء درج ہیں جو اللہ تبارک وتعالیٰ نے اپنے مقرب فرشتوں کو سکھانے اور ایسے اسماء جن میں ساتوں آسمانوں اور سبعہ سیارگان کی روحانیات موجود ہے نیز دنوں کے مؤکلات ارضی وسماوی کی روحانیات سے امور زندگی میں کام لینے کے لیے نایاب ترین طلسماتی اعمال درج ہیں جسے ربع صدی کی تحقیق کے بعد پیش کیا گیا ہے:

کلید روحانی فی طلسمات سلیمانی

تالیف: پیر صوفی الشاہ غلام سرور شباب علوی قادری فوٹو کاپی (امپوٹڈ پیپر) صفحات: 212 اجازت کے ساتھ ہدیہ: 2500 روپے

*روحانی فی طلسمات سلیمانی کے لیے آگاہی * آغاز سخن * بہترین ذریعہ کی بنیاد * تخت نشینوں کو متحرک کرنے کیلئے قوت کے نام * طاقت کے ناموں کے عظیم فوائد * حضرت موسیٰ علیہ السلام کے عصاء مبارکت کے اسماء * رحمت کے فرشتوں کو متحرک کرنے کیلئے وقت کے نام * فرشتہ میکائیل کو سکھائے گئے سات (7) نام * تمام نیک اور صالح کاموں کیلئے * زیارت ملائکہ * فرشتہ عزرائیل کو سات (7) نام سکھائے گئے * حیرت انگیز خواص * ساتوں آسمانوں کی قوت کے نام * حیرت انگیز فوائد * چھٹے آسمان کیلئے قوت کے نام * پانچویں آسمان کیلئے قوت کے نام * ضروریات کو پورا کرنا * خواب کے ذریعے غیب کی معلومات حاصل کرنا *

لوح تسخیر خاص و عام

ہر شخص یہ چاہتا ہے کہ سب لوگ اس سے محبت کے ساتھ پیش آئیں، اس کی بات مانیں، اس کا احترام کریں، اس کی مخالفت نہ کریں، کسی دفتر میں جائے تو افسران اس کی بات سنیں، دفاتر میں اس کی بات مانی جائے، اس کی بات کو ہر جگہ پر ترجیح دی جائے، کسی کی سفارش کرے تو اس کی سفارش قبول کی جائے، اس کے پاس عوام الناس کا رش رہے۔

دورِ حاضر میں حسد و بغض عام ہے۔ اس لحاظ سے لوحِ تسخیر تقریباً ہر شخص کی اولین ضرورت ہے! اسی ضرورت کو پیشِ نظر رکھتے ہوئے زہرہ مشتری قران کے خاص وقت میں لوحِ تسخیر کو منظر عام پر لایا ہے تاکہ اسماء الحسنیٰ سے تیار کردہ اس خاص لوح سے ہر شخص فائدہ اٹھا سکے۔

ھدیہ 1100 روپے

لوح ترقی دولت

ہدیہ: 1600 روپے

شمس، مشتری تسدیس کے خاص وقت کا خاص عمل

مالدار ہونا ہر ایک شخص کی پہلی اور آخری دلی آرزو، خواہش اور حسرت ہوتی ہے۔ ہر انسان چاہتا ہے کہ اللہ تعالیٰ اس کو وافر مقدار میں مال و دولت نصیب فرمائیں۔ دن دوگنی رات چوگنی ترقی اور اضافہ ہوتا رہے تاکہ وہ کسی بھی نیکی اور خیر کے موقع سے محروم نہ رہے۔

ظاہر ہے کہ دولت ہوگی، مال ہوگا تو وہ ہر کام میں بڑھ چڑھ کر حصہ لے گا، غریبوں کے تعاون کی بات ہو یا نادار و مسکین لوگوں کے علاج ومعالجے کی مساجد ومدارس میں تعاون کی بات ہو یا ان کی تعمیر میں حصہ ملانے کی، رفاہی اداروں میں فنڈ دینے کا معاملہ ہو یا ہسپتال وغیرہ تعمیر کروانے کا، مستحقین کو خوش کرنے کا مسئلہ ہو یا کسی غریب بہن، بیٹی کے جہیز میں تعاون کا، ہر جگہ دولت اور مال کی ضرورت ہے۔ اور اس ضرورت کو لوح ترقی دولت پورا کرے گی، ان شاء اللہ۔

خزینہ روحانیات کی سابقہ 8 جلدیں

روحانی و مخفی علوم سے بھری یہ جلدیں آپ کو عامل کامل بننے میں مکمل مدد دیں گی۔ روحانی معالجین، مریضوں، بندش میں جکڑے انسانوں کیلئے نوید شفاء۔ آپ کو ہر مسئلے کا حل خزینہ روحانیات کے ہر صفحے پر ملے گا۔ دیر نہ کیجئے، سٹاک محدود ہے۔

جلد	قیمت	رعائتی قیمت
جلد#6	قیمت: 740 روپے	رعائتی قیمت: 555 روپے
جلد#7	قیمت: 740 روپے	رعائتی قیمت: 555 روپے
جلد#8	قیمت: 740 روپے	رعائتی قیمت: 555 روپے
جلد#9	قیمت: 740 روپے	رعائتی قیمت: 555 روپے
جلد#10	قیمت: 790 روپے	رعائتی قیمت: 590 روپے
جلد#11	قیمت: 840 روپے	رعائتی قیمت: 630 روپے
جلد#12	قیمت: 870 روپے	رعائتی قیمت: 655 روپے
جلد#13	قیمت: 1060 روپے	رعائتی قیمت: 795 روپے

آٹھ جلدیں اکٹھی خریدنے پر زبردست آفر

8 جلدوں کی قیمت: 6520 روپے رعائتی قیمت: 4370 روپے علاوہ ڈاک خرچ

شعبہ نشرواشاعت 042-35410586, 0322-4773786

darulamal.org/publications, info@darulamal.org

لنگر برائے ترقی روحانیت

روحانی درسگاہ کے طلباء وطالبات کے لیے

● روحانی اعمال کی مضبوطی کے لئے ● روحانی اعمال کی طاقت کے لئے ● روحانی اعمال میں ترقی کے لئے ● روحانی اعمال میں تیزی کے لئے ● روحانی اعمال کو موثر ترین بنانے کے لئے ہر نوچندی اتوار کو دارالعمل میں خاص لنگر کا عرصہ دراز سے اہتمام کیا جارہا ہے۔ روحانی درسگاہ کے پرانے طلباء وطالبات کے پرزور اصرار پر اور نئے طلباء وطالبات کی خواہش کی تکمیل کو مدنظر رکھتے ہوئے مجلس شوریٰ کی مشاورت کے بعد تمام طلباء وطالبات کے لئے خوشخبری ہے کہ آپ بھی اب اس خاص لنگر میں شامل ہوسکتے ہیں۔

نصف حصہ: 500 روپے — مکمل حصہ: 1000 روپے

دارالعمل چشتیہ لاہور پاکستان 0343-7772772 0322-7772772 darulamal.org 042-35410586

کوپن برائے مفت روحانی خدمات

جولائی 2023ء

تاریخ ______

نام ______ والد ______

والدہ ______ مکمل پتہ ______

موبائل نمبر ______

Email (اگر ہو) ______

مطلوبہ علاج ______

نوٹ: علیحدہ کاغذ پر اپنا مسئلہ تفصیل سے لکھ کر رجسٹرڈ جوابی لفافے کے ساتھ ارسال کریں۔ ایک کوپن میں دو مقصد سے زائد نہ لکھیں۔ کوپن کے بغیر علاج/تعویذات/وظیفہ بھیجنے سے معذرت۔ مزید تفصیلات کے لیے رابطہ فرمائیں۔

042-35420586 | 0342-7772772 | 0324-7772772

کوپن برائے بغیر فیس اعمال

جولائی 2023ء

تاریخ ______

نام ______ والد ______

والدہ ______ مکمل پتہ ______

موبائل نمبر ______

Email (اگر ہو) ______

مطلوبہ اعمال ______

نوٹ: رجسٹری جوابی خط کے ساتھ شناختی کارڈ کی ایک عدد صاف کاپی ارسال کریں۔ ایک وقت میں دو اعمال کی اجازت لی جاسکتی ہے۔ مزید شرائط وتفصیلات کے لیے ویب سائٹ دیکھیں یا رابطہ فرمائیں۔

042-35420586 | 0309-7772775 | 0333-7772775

روحانی علاج گاہ کے تمام واٹس ایپ گروپس کی تفصیل https://bit.ly/3ujXhOW

عارفی پرفیومز آن لائن سٹور پر ایئر فریشنرز اور باڈی سپریز کی نئی ورائٹی پر خصوصی 15% رعایت حاصل کریں

عارفی پرفیومز

0309-7772276 0349-7772276 0316-7779376 0305-7772276 (Ufone)

aarfiperfumes.com info@aarfiperfumes.com aarfiperfumes

Monthly Khazina-e-Ruhaniyaat
CPL # 288

مشرق وسطیٰ کے مشہور ماہر علم الاشراقیات کاش البرنی کی شہرہ آفاق پر منٹڈ کتب جن کے بغیر عامل بننا محض ایک خواب ہے

تمام کتب خریدنے پر 15% خصوصی رعایت حاصل کریں

عام قیمت تمام کتب: 4913 روپے

رعائتی قیمت تمام کتب: 4176 روپے